https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta

بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | پیر 28 ستمبر 2026ء | 13 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 165

دہشتگرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کرسکتے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے عوام امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں

بلوچستان کے عوام امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کوئٹہ کے علاقے شعبان سمیت نوشکی اور مند میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آپریشن شعبان کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں کلیئر کیا، جبکہ کارروائی کے دوران اب تک 33 دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے ہیں۔ گزشتہ 72 گھنٹوں کے دوران مزید 23 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع نوشکی میں انٹیلی جنس بنیاد پر کی گئی کارروائی کے دوران 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ مند میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔ کارروائیوں (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

پاک بحریہ کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ، طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل فائر کیا

زیر آب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کیلئے ناگزیر ہے، نیول چیف

پی این ایس /ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی/اسلام آباد(این این آئی) پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کرلی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کی آبدوز ہنگور نے شمالی بحیرہ عرب میں پہلی لائیو ویپن فائرنگ کامیابی سے مکمل کی اور پی این ایس /ایم ہنگور نے طویل فاصلے تک مار کرنے والا اینٹی شپ کروز میزائل کامیابی سے فائر کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اینٹی شپ کروز میزائل نے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

صدر کا بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا افغان طالبان کو ڈی مارش، فضائی حدود کی خلاف ورزی پر شدید احتجاج

پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا، پاکستان کا واضح پیغام

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے 23 ستمبر کو پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی اور افغانستان سے ہونے والے حالیہ دہشت گردی کے واقعات پر افغان طالبان حکومت کو تحت احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ڈی مارش حوالے کردیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

پاک چین کمپنیوں کے درمیان معاہدے پر دستخط، پاکستان میں صنعتی تعاون کو فروغ دینے کی کوششیں

کراچی (این این آئی) پاکستان میں قائم تجارتی و سرمایہ کاری سہولت فراہم کرنے والی کمپنی سلک وے امپلیکس نے چین (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

امریکی صدر ٹرمپ کی جاپانی وزیراعظم سے ٹیلیفون پر گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جاپانی وزیراعظم سنے تاکاچی سے ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی۔ جاپانی وزارت (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

ریاض، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ترکیہ اور سعودی عرب کے فوجی سربراہان کا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت اجلاس کے موقع پر گروپ فوٹو

حکومت معلومات تک رسائی کے حق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، شہباز شریف

مستند اور قابلِ اعتماد معلومات کی بروقت فراہمی، شفافیت، حقائق کی جانچ اور ذمہ دارانہ ابلاغ کے ذریعے معلوماتی انتشار کا مؤثر طور پر مقابلہ کیا جا سکتا ہے

غلط اور گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ معاشرے میں بے یقینی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کے اعتماد کو بھی متاثر کر سکتا ہے، معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام

اسلام آباد(این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مستند معلومات تک رسائی اور اداروں کی جانب سے اسکی فراہمی ہر شہری کا بنیادی جمہوری حق ہے ... صحت اور صداقت کے تحفظ اور ایک باخبر، ذمہ دار اور شفاف معاشرے کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار وزیراعظم محمد شہباز شریف نے معلومات تک رسائی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا جو (آج) پیر کو منایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج دنیا کے ساتھ ہم آواز ہو کر معلومات تک رسائی کے عالمی دن پر معلومات کی شہریوں تک رسائی، اداروں کی جانب سے اسکی فراہمی اور تبادلہ کے بنیادی جمہوری حق کی غیر متزلزل توثیق کرتا ہے۔ اس سال یہ (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

ہر شہری کے معلومات تک رسائی کے آئینی حق کیلئے پرعزم ہیں، صدر مملکت

شہری قابلِ اعتماد معلومات اور ایسے مواد میں فرق کرسکیں جو جھوٹا، تحریف شدہ یا دانستہ طور پر گمراہ کرنے کیلئے تیار کیا گیا ہو

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری کا معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن پر پیغام باخبر جمہوریت کیلئے نہایت اہم ہے درست اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی ایک ... زرداری نے ہر شہری کے معلومات تک رسائی کے حق کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

اینٹی شپ کروز میزائل سے طویل فاصلے کے ہدف کو درستگی سے نشانہ بنانا پاک بحریہ کی بلند جنگی صلاحیت کا مظہر ہے، سرفراز بگٹی

پاکستان کی مسلح افواج قومی سلامتی کو درپیش ہر چیلنج سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا پی این ایس/ایم ہنگور کے کامیاب لائیو ویپن فائرنگ تجربے پر پاک بحریہ کو خراج تحسین چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف اور پی این ایس/ایم ہنگور سے وابستہ تمام افسران و اہلکاروں کو مبارکباد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پی این ایس/ایم ہنگور کی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پاک بحریہ کی غیر معمولی آپریشنل تیاری اور پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت ہے اینٹی شپ کروز میزائل (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

سیکورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، چند روز کے دوران 70 سے زائد دہشتگرد ہلاک

گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران 70 سے زائد دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے جس سے بھارتی پشت پناہی میں سرگرم افغان پراکسیز کو شدید دھچکا پہنچا ہے

دہشت گردی میں افغان طالبان رجیم کا ملوث ہونا امن کیلئے خطرے کا باعث ہے، اسے بھارت کی جانب سے پشت پناہی اور مکمل معاونت حاصل ہے

کوئٹہ+راولپنڈی(این این آئی) سیکورٹی فورسز نے گزشتہ چند روز کے دوران بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کیخلاف انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے 70 سے زائد دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق انٹیلی جنس ایجنسیوں کی جانب سے بلوچستان کے علاقے شعبان میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

ایران کی پاسداران انقلاب فورس کا امریکی جاسوس آبدوز پکڑنے کا دعوی

تہران (این این آئی) ایران کی پاسداران انقلاب فورس نے امریکی جاسوس آبدوز پکڑنے کا دعوی کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق آبنائے ہرمز میں بغیر پائلٹ والی جاسوس آبدوز قبضے میں لے لی۔ ایرانی بحریہ کی انٹیلی جنس کارروائی میں یو ایس ریموس 600 وہیکل (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ملائیشیا کا چاول کی برآمدات

حلال سرٹیفکیشن کے معیارات اور غذائی تحفظ کے فروغ پر اتفاق

کاالالمپور (این این آئی) پاکستان اور ملائیشیا نے چاول کی برآمدات، حلال سرٹیفکیشن کے معیارات اور غذائی تحفظ کے فروغ پر اتفاق کیا ہے۔ کوالالمپور میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ

انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے ٹیکس چوری روکنے کیلئے پلان تیار کرلیا، مصنوعی ذہانت پر مبنی خودکار آڈٹ نظام غلط فراہم کردہ معلومات کی نشاندہی کرے گا، انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات دینے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ٹیکس چوری پکڑنے کیلئے آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مدد لینے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ترجمان ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

حنیف عباسی کا بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

معاشی عدم استحکام جیسے مسائل سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اور دیرپا حکمت عملی اپنانا ہوگی، جعفر مندوخیل

بلوچستان پاکستان کو وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرقِ وسطیٰ کے خطوں سے جوڑنے کی جغرافیائی صلاحیت رکھتا ہے

صوبے میں بلیو اکانومی، معدنیات، توانائی، زراعت، سیاحت اور ریجنل تجارت کے وسیع امکانات موجود ہیں، گورنر بلوچستان

کوئٹہ(خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اکیسویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان سے خطاب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس ورکشاپ میں آپ نے ماہرین کے علم، تجربے اور بصیرت سے بھرپور استفادہ کیا ہوگا اور باہمی مکالمے اور مشاورت کے ذریعے بلوچستان اور پاکستان کو درپیش اہم چیلنجز کا بہتر ادراک حاصل کیا ہوگا لہٰذا اب اس اجتماعی دانش کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہی اس ورکشاپ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

چیئرمین سینٹ کی قیادت میں پاکستانی پارلیمانی وفد کا دورہ بیلاروس اختتام پذیر

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ اور پارلیمانی تعلقات کو مزید گہرا اور مستحکم بنانے کے مشترکہ عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی قیادت میں پارلیمانی وفد کا جمہوریہ بیلاروس کا سرکاری دورہ اختتام پذیر ہوگیا، اسے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ اور پارلیمانی تعلقات مستحکم کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ بیلاروس کی نیشنل اسمبلی کی کونسل آف دی ریپبلک کی چیئرپرسن نتالیہ کوچانووا نے رات گئے سید (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

افغان طالبان کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں، وزارت اطلاعات

افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی عالمی رپورٹس میں سامنے آئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے فیکٹ چیک کرتے ہوئے افغان طالبان رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات کو بے بنیاد قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

امریکا میں طاقتور سمندری طوفان مشرقی ساحلوں سے ٹکرا گیا، نیویارک اور نیوجرسی میں ایمرجنسی نافذ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں طاقتور سمندری طوفان نارایسٹر مشرقی ساحلوں سے ٹکرا گیا۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق مشرقی ساحلی ریاستوں میں طوفانی ہواؤں اور (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر جعفر خان مندوخیل کو 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی موقع پر بریگیڈیئر خاقان یادگاری شیلڈ پیش کررہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا خطاب فلسطینی مشن نے سوشل میڈیا پر نمایاں کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے جنرل اسمبلی سے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

مکہ مکرمہ معاہدہ اہم پیش رفت، من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائیگا، سیدال ناصر

عالمی سطح پر امن وسلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی اور معاشی واقتصادی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کررہی ہے

کوئٹہ +اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے پارلیمنٹ ہاؤس میں مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والی نامور شخصیات، وکلاء، ڈاکٹرز، قبائلی عمائدین، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور مختلف چیمبرز آف کامرس کے نمائندگان نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال، تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی شاہراہیں محفوظ نہیں عوام کی نقل وحرکت محدود ہوگئی ہے، بلوچ

ملک کے موجودہ حالات میں نئے صوبوں کے قیام یا قومی وحدتوں کو انتظامی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی پالیسی انتہائی حساس معاملہ ہے

سیاسی عمل میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں، میڈیا اور دیگر اداروں پر پابندیاں عائد ہیں، نیشنل پارٹی مرکزی کمیٹی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کی مرکزی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی زیرِ صدارت کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، پنجاب وحدت کے صدر ایوب ملک، پشتونخوا وحدت کے صدر ڈاکٹر سرفراز احمد، بلوچستان وحدت کے صدر اسلم بلوچ اور سندھ وحدت کی نمائندگی کامریڈ رمضان نے کی۔ اجلاس میں مرکزی کمیٹی کے (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

ہماری سیاست کا محور عوام کی ترقی، خوشحالی اور طرز زندگی میں بہتری ہے، علی مدد جتک

کسی بھی معاشرے کی مضبوط اور پائیدار تشکیل میں امن، محبت اور بھائی چارہ بنیادی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں

وزیراعلیٰ نے منصوبے کی منظوری اور تکمیل کیلئے بھرپور معاونت فراہم کی، جس پر ہم ان کے مشکور ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ(خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ ہماری سیاست کا محور عوام کی ترقی، خوشحالی اور ان کے طرزِ زندگی میں بہتری ہے، پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی، بلوچستان میں ترقی کے نئے راستے کھلے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشرقی بائی پاس سبی شاہراہ کی تعمیر و توسیع کے منصوبے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں کمانڈر ملا عبیداللہ بڑیچ، حاجی محمد گل شاہوانی، ٹکری حمید بنگلزئی، حاجی نور محمد رخشانی، انور مینگل، ڈاکٹر راشد قریشی سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ حاجی علی (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

امریکا سے ہماری جنگ ختم نہیں ہوئی، فیصلہ کن مرحلہ شروع ہوگیا، ایرانی آرمی چیف

ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، تاہم اس کامیابی کو مستحکم کرنا ضروری ہے، تقریب سے خطاب

تہران (این این آئی) ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل امیر حاتمی نے (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی نے سہیل آفریدی کو ہٹانے کی ہدایت نہیں کی، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے خلاف نہ کوئی پیغام بھیجا اور نہ ہی انہیں عہدے (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

سی ٹی ڈی نوتعمیر ہونے والے دفتر کا افتتاح

نئے دفتر سے علاقے میں سی ٹی ڈی کی استعدادِ کار اور فوری کارروائیوں میں مزید بہتری آئے گی۔ آئی جی پولیس بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے ضلع قلعہ عبداللہ دورے کے موقع پر سی ٹی ڈی نوتعمیر ہونے والے دفتر کا افتتاح کیا۔ ان کے ہمراہ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

نادرا کی جانب سے شادی شدہ اور غیر شادی شدی خواتین کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) نادرا کی جانب سے شادی شدہ اور غیر شادی شدی خواتین کیلئے خصوصی سہولت کا اعلان کردیا (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

حیدرآباد، جماعت اسلامی کے نائب امیر لیاقت بلوچ مظاہرین سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت اور محنتی ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

تعلیم وٹیکنالوجی سے لیس ہوکر جدید چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے، بلوچستان کے زیادہ سے زیادہ نوجوان ایسے تعلیمی وفنی پروگراموں سے استفادہ کریں

نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں، رکنِ صوبائی اسمبلی کا قائم الخدمت فاؤنڈیشن بنوقابل کے مختلف کمپیوٹر لیبس کا خصوصی دورہ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکنِ صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کوئٹہ میں قائم الخدمت فاؤنڈیشن بنوقابل کے مختلف کمپیوٹر لیبس کا خصوصی دورہ کیا جہاں انہوں نے طلبہ وطالبات اور ٹیچرز سے ملاقات کی اور ان کی تعلیمی وفنی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبہ سے براہِ راست گفتگو کرتے ہوئے مختلف سوالات کیے اور ان کی صلاحیتوں، سیکھنے کے عمل اور مستقبل کے عزائم کے بارے (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

برطانیہ، فیئر فورڈ ایئر بیس کے علاقے سے کئی مشتبہ افراد گرفتار

لندن (این این آئی) برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیر استعمال فیئر فورڈ ایئر بیس کے علاقے سے کئی مشتبہ افراد گرفتار کرلیے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد نورزئی فضل محمد نورزئی اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

حکومت پی آئی اے کیلئے طیارے خرید رہی ہے نہ قرض دے رہی ہے، خرم شہزاد

بوئنگ طیارے امریکی برآمدات ہیں، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک غیر ملکی خریداروں، بشمول فضائی کمپنیوں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے

پی آئی اے اور برآمدی قرض دینے والے امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے حوالے سے معاملات کو درست نہیں سمجھا گیا، خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے بعد پی آئی اے کیلئے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کیلئے کسی حکومتی ضمانت یا ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے قرضے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پی آئی اے اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے حوالے سے حقائق واضح کرنا ضروری ہیں، گردش کرنے والے بعض تبصروں میں نجکاری (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے سیاسی مستقبل کا فیصلہ بلوچستان کے عوام کے حقیقی مینڈیٹ سے ہوگا، مولانا عبدالواسع

بلوچستان کے اقتدار کو وفاقی سیاسی سودے بازی کی نذر کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے اصل وارث یہاں (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

روس اور یوکرین میں پھر خونریز جھڑپیں، 16 افراد ہلاک

روسی حملوں میں سومی، زاپوریژیا اور دنیپروپیٹروسک میں 6 افراد مارے گئے

کیف/ماسکو (این این آئی) روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

منشیات کی اسمگلنگ نوجوان نسل، معاشرے اور معیشت کیلئے سنگین خطرہ ہے، عبدالقادر

پاکستان نیوی سمندری حدود میں منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت اور دیگر جرائم کی روک تھام کی صلاحیت رکھتی ہے

750 ملین ڈالر مالیت کی منشیات کی ضبطی بڑی معاشی اور سماجی تباہی کو روکنے کے مترادف ہے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بحیرہ عرب میں پاک بحریہ کی انسدادِ منشیات کی ایک بڑی کارروائی نے پاکستان کی بحری سلامتی اور خطے میں غیر قانونی منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف جاری عالمی کوششوں میں اہم کامیابی حاصل کی ہے۔ میری ٹائم سیکیورٹی آپریشنز کے تحت پی این ایس حنین اور پی این ایس یرموک نے ایک مشکوک ماہی گیر کشتی کو کارروائی کا نشانہ بناتے (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

مسلم لیگ (ن) عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کررہی ہے، جمال شاہ کاکڑ

سینئر کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل حل کیے جائیں گے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کررہی ہے سینئر کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں انکے جائز مسائل حل کیے جائیں گے مسلم لیگ (ن) کے کارکن پارٹی قائد میاں محمد نواز شریف، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے سینئر (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے اختتامی تقریب کے شرکاء میں اسناد تقسیم کررہے ہیں

ایران کی فضائی اور مالی رسائی محدود کرنے کا مشن، امریکی وزیر خزانہ کی کامیابیوں کا اعلان

امریکی حکام نے مختلف ممالک سے رابطے کرکے ایران کے ساتھ اقتصادی روابط محدود کرنے کیلئے اقدامات پر زور دیا، اسکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ واشنگٹن کی جانب سے ایران کو معاشی طور پر عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوششیں نتائج دے رہی ہیں۔ ان کے مطابق امریکی حکام نے مختلف ممالک سے رابطے کرکے ایران کے ساتھ اقتصادی روابط محدود کرنے کیلئے اقدامات پر زور دیا ہے۔ اسکاٹ بیسنٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ ان کی ہدایت پر امریکی ٹیموں نے دنیا کے مختلف ممالک کا دورہ کیا اور ایرانی حکومت (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

سعودی عرب کے دفاع کا پاکستان کی طرف سے دوٹوک اعلان

ڈائریکٹر جنرل انٹر سروسز پبلک ریلیشنز لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ سعودی عرب کا دفاع کرنے کے لیے پاکستان کسی بھی حد تک جائے گا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو کی مزید تفصیلات کے مطابق، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور حرمین شریفین کی حفاظت کے لیے وہاں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی سکیورٹی کے لیے پاکستان کا عزم غیر مشروط ہے۔ یہ دونوں ممالک کے عوام، افواج اور سیاسی قیادت کے درمیان ایک نہ ٹوٹنے والا تاریخی رشتہ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ پاکستان سعودی عرب کا دفاع کرتا رہے گا اور اس مقصد کے لیے کسی بھی حد تک جانے کو تیار ہے۔ امریکہ کے ایران پر حملوں کے باعث خطے کی صورتِ حال پہلے ہی مخدوش ہے۔ اس دوران حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر حملے بھی تیز کر دیے گئے ہیں۔ حوثیوں کو عموماً ایران کا پراکسی گروپ سمجھا جاتا ہے۔ چین کی جانب سے ایران سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ حوثیوں کو سعودی عرب پر حملوں سے باز رکھے، جبکہ ایران نے واضح کیا ہے کہ اس معاملے میں وہ حوثیوں کے ساتھ نہیں ہے۔ یہ اطلاعات بھی سامنے آئی ہیں کہ عمان کے دارالحکومت مسقط میں امریکہ اور حوثی قیادت کے درمیان باقاعدہ ملاقاتیں ہوئی ہیں، جن میں مبینہ طور پر یہ طے پایا کہ حوثی اسرائیلی اور امریکی مفادات کو نقصان نہیں پہنچائیں گے، جبکہ امریکہ سعودی عرب کی حمایت کرتے ہوئے حوثیوں کے خلاف حملے نہیں کرے گا۔ یہ صورتِ حال نہایت حیران کن اور تشویش ناک ہے۔ میڈیا میں یہ رپورٹس بھی سامنے آ چکی ہیں کہ امریکہ نے حوثیوں کے خلاف حملے کرنے سے انکار کر دیا ہے، جس کا مطالبہ سعودی عرب کی جانب سے کیا گیا تھا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا امریکہ سعودی عرب پر دباؤ ڈال کر اسے ابراہم معاہدے کا حصہ بنانا چاہتا ہے؟ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے سعودی عرب پر ابراہم معاہدے میں شامل ہونے کے لیے بارہا زور دیا گیا ہے۔ تاہم، سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے واضح مؤقف اختیار کیا ہے کہ فلسطین کے مسئلے کا دو ریاستی حل ہونے کے بعد ہی سعودی عرب ابراہم معاہدے کا حصہ بنے گا۔ حوثیوں کی جانب سے سعودی عرب پر کیے جانے والے ایسے ہی ایک حملے میں طائف کے قریب ایک ڈرون گرایا گیا، جبکہ مکہ مکرمہ کی جانب آنے والے ایک میزائل کو بھی سعودی فضائی دفاعی نظام نے تباہ کر دیا۔ مقدس مقامات پر حملوں کا تصور بھی کسی مسلمان کیلئے ناقابلِ قبول ہے۔ یہ کس قدر بدبختی کی بات ہے کہ بعض عناصر آسمانی مذاہب کے مقدس ترین مقامات میں سے ایک، حرمین شریفین، کی جانب میزائل حملے کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ بے شک، حرمین شریفین کی حفاظت نہ صرف بطور مسلمان ہمارا دینی فریضہ ہے بلکہ ہمارے ایمان، عقیدے اور قلبی وابستگی کا تقاضا بھی ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ موجود مشترکہ دفاعی معاہدوں اور برادرانہ تعلقات کی بنیاد پر سعودی عرب کے خلاف کسی بھی بیرونی جارحیت کی صورت میں اس کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دفاع کرنا ہماری قومی، اخلاقی اور دینی ذمہ داری ہے۔ حرمین شریفین کی حرمت و تقدس ہمارے لیے ہر چیز سے بڑھ کر ہے، اور ان کی حفاظت کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہمارے لیے باعثِ سعادت اور اعزاز ہے۔

جنرل اسمبلی اجلاس! نشستند گفتند برخاستند؟

فضل حسین اعوان

نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 81 واں اجلاس ایک ایسے وقت میں جاری ہے جب دنیا بیک وقت کئی سنگین بحرانوں سے دوچار ہے۔ ایران کی جنگ اور آبنائے ہرمز کا بحران، غزہ اور مشرقِ وسطیٰ کی کشیدگی، روس یوکرین جنگ، بڑی طاقتوں کے درمیان مسابقت، عالمی تجارت میں بڑھتی ہوئی بے یقینی اور انئی تزویراتی صف بندیاں عالمی سیاست کا نقشہ تبدیل کر رہی ہیں۔ ایسے ماحول میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی محض سربراہانِ مملکت کی سالانہ تقریب نہیں رہتی بلکہ ایک ایسا عالمی سٹیج بن جاتی ہے جہاں ہر ملک اپنی ترجیحات، شکایات، خدشات اور مستقبل کی حکمتِ عملی دنیا کے سامنے رکھ سکتا ہے۔

اس سال جنرل اسمبلی میں سب سے زیادہ توجہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تقریر نے حاصل کی۔ ان کا خطاب حسبِ معمول روایتی سفارتی زبان سے خاصا مختلف، دوٹوک اور بعض مقامات پر انتہائی سخت تھا۔ خصوصاً ایران ان کی تقریر کا مرکزی موضوع رہا۔ صدر ٹرمپ نے ایران کے خلاف امریکی فوجی کارروائی کا دفاع کیا اور تہران سے مطالبہ کیا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولی جائے اور تنازعہ کے خاتمے کے لیے مذاکرات کی طرف واپس آیا جائے۔ تاہم ان کی تقریر میں دھمکی اور مذاکرات کے پہلو بیک وقت موجود تھے۔ ایک طرف انہوں نے ایران کے خلاف انتہائی سخت الفاظ استعمال کیے اور دوسری طرف ایک ایسے معاہدے کا امکان بھی سامنے رکھا جس کے ذریعے موجودہ جنگ کا خاتمہ ہو سکے۔ ایران کے بیشتر نمائندے ٹرمپ کی تقریر کے دوران احتجاجاً جنرل اسمبلی ہال سے نکل گئے۔

ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اگلے روز جنرل اسمبلی کے اسی فورم سے امریکی صدر کو جواب دیا۔ ایرانی صدر کا بنیادی پیغام یہ تھا کہ ایران دباؤ اور فوجی طاقت کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کرے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران اپنے قومی وقار، خودمختاری اور مفادات سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہیں۔ یوں جنرل اسمبلی کا پلیٹ فارم امریکا اور ایران کے درمیان جاری تصادم کا ایک سفارتی محاذ بھی بن گیا۔ دونوں رہنماؤں کی تقاریر سے یہ ضرور ظاہر ہوا کہ فریقین کے درمیان فاصلے اب بھی بہت زیادہ ہیں، لیکن یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ مذاکرات اور کسی سیاسی تصفیے کا دروازہ مکمل طور پر بند قرار نہیں دیا جا رہا۔

صدر ٹرمپ کی نیویارک میں موجودگی صرف تقریر تک محدود نہیں رہی۔ جنرل اسمبلی کے موقع پر ایک اہم پیش رفت گرین لینڈ کے تنازعہ پر ہوئی۔ گزشتہ عرصے میں گرین لینڈ امریکا، ڈنمارک اور یورپ کے تعلقات میں ایک غیر معمولی تنازعہ بن چکا تھا۔ صدر ٹرمپ بارہا گرین لینڈ کی تزویراتی اہمیت کا ذکر کرتے رہے اور ان کے بعض بیانات نے ڈنمارک میں شدید ردعمل پیدا کیا۔ معاملہ اس لیے بھی حساس تھا کہ گرین لینڈ اگرچہ ڈنمارک کی سلطنت کا حصہ ہے لیکن اسے وسیع داخلی خود اختیاری حاصل ہے اور وہاں کے عوام اپنے سیاسی مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرنے کے حق کو بنیادی حیثیت دیتے ہیں۔

اس تنازعہ کے پس منظر میں صدر ٹرمپ، ڈنمارک کی وزیراعظم میٹے فریڈرکسن اور گرین لینڈ کے وزیراعظم جینز فریڈرک نیلسن نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں ایک نئے سہ فریقی معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کا بنیادی مقصد آرکٹک اور شمالی بحرِ اوقیانوس کے خطے میں مشترکہ دفاع اور سلامتی کو مضبوط بنانا ہے۔ سرکاری طور پر جاری تفصیلات کے مطابق اس انتظام میں ڈنمارک کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے ساتھ ساتھ گرین لینڈ کے عوام کے حقِ خودارادیت کو بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ معاہدے کو نافذ ہونے سے پہلے متعلقہ قومی پارلیمانی طریقۂ کار سے گزرنا ہوگا۔

اس معاہدے کے تحت امریکا کو گرین لینڈ میں اپنی فوجی موجودگی میں اضافے کی گنجائش ملے گی۔ صدر ٹرمپ نے دو بڑے امریکی فوجی اڈوں کی تعمیر کا ذکر بھی کیا ہے۔ اس کے ساتھ بنیادی اصول یہ رکھا گیا ہے کہ گرین لینڈ ڈنمارک کی سلطنت کا حصہ رہے گا اور معاہدہ اس کی خودمختاری کی حیثیت تبدیل نہیں کرتا۔ یہی نکتہ اس سمجھوتے کی اصل سیاسی اہمیت ہے، کیونکہ کئی ماہ کی تلخی اور اس خدشے کے بعد کہ گرین لینڈ کا مسئلہ امریکا اور اس کے نیٹو اتحادیوں کے درمیان خطرناک دراڑ پیدا کر سکتا ہے، اب فریقین نے تنازعہ کو علاقائی ملکیت کے سوال سے نکال کر مشترکہ سلامتی کے فریم ورک میں رکھنے کی کوشش کی ہے۔

جنرل اسمبلی کے انہی دنوں میں عالمی سیاست کی ایک اور اہم تصویر واشنگٹن سے سامنے آئی جہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کے صدر شی جن پنگ کا وائٹ ہاؤس میں پُرتپاک استقبال کیا۔ وائٹ ہاؤس میں ان کے لیے باقاعدہ استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی۔ صدر ٹرمپ نے اپنے چینی ہم منصب کے ساتھ ذاتی تعلق اور باہمی احترام کا خاص طور پر ذکر کیا۔ صدر شی نے بھی اختلافات کے باوجود رابطے، مکالمے اور تعاون کو آگے بڑھانے پر زور دیا۔

دنیا کی دو سب سے بڑی معاشی طاقتوں کے درمیان یہ گرم جوشی اپنی جگہ اہم ہے

بین الاقوامی ثالثی عدالت میں پاکستان کے موقف کی فتح

پاکستانی قوم نے سندھ طاس معاہدے کے بارے میں بین الاقوامی ثالثی عدالت کے متفقہ فیصلے کا گرمجوشی سے خیرمقدم کیا ہے اور اسے پاکستان کی معاشی بقا، زراعت، قومی سلامتی اور دیرینہ آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ایک بڑی قانونی اور سفارتی فتح قرار دیا ہے۔ عالمی بینک کی زیرِ نگرانی طے پانے والا 1960 کا یہ معاہدہ سندھ طاس کے دریاؤں کے نظام کا احاطہ کرتا ہے اور پاکستان کے لیے بطور زیریں فریق بے حد اہم ہے جس کی زراعت اور کروڑوں لوگوں کا روزگار پانی کے مسلسل اور قابلِ اعتماد بہاؤ پر منحصر ہے۔ عدالت نے اس بات کی توثیق کی ہے کہ بھارت یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو معطل، ختم یا التوا میں نہیں ڈال سکتا اور یہ معاہدہ قانوناً نافذ العمل رہے گا۔ عدالت نے بھارتی موقف کو، جو کہ خودمختاری، پاکستان کی طرف سے مبینہ خلاف ورزیوں، دہشت گردی، تبدیل شدہ حالات، مسلح تصادم اور جوابی اقدامات پر مبنی تھا، مکمل طور پر رد کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ان میں سے کوئی بھی وجہ معاہدے کی ذمہ داریوں سے یکطرفہ انحراف کی اجازت نہیں دیتی۔ اس کے بجائے کسی بھی ترمیم یا خاتمے کی بنیاد پاکستان اور بھارت کے درمیان باہمی رضامندی سے طے پانے والا نیا انتظام ہی ہونا چاہیے۔ چنانچہ یہ فیصلہ پاکستان کے آبی حقوق کو مضبوط کرتا ہے، بین الاقوامی قانون کی بالادستی اور معاہدوں کی پاسداری کی توثیق کرتا ہے اور یہ ثابت کرتا ہے کہ طاقتور ریاستیں بھی پابند بین الاقوامی عہد و پیمان کو نظرانداز نہیں کر سکتیں۔ نتیجے کے طور پر تصادم کی بجائے ثالثی، بات چیت، مذاکرات اور تنازعات کے پرامن حل پر پاکستان کے انحصار کو ایک ذمہ دارانہ اور اصولی طرزِ عمل کے طور پر حق بجانب تسلیم کیا گیا ہے۔

عدالت نے دریائے چناب پر بھارت کے رتلے ہائیڈروالیکٹرک پروجیکٹ کے حوالے سے عبوری اقدامات کی بھی منظوری دی ہے، جس کے ڈیزائن اور پانی کی فراہمی پر ممکنہ اثرات کے بارے میں پاکستان نے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ بھارت کو ڈیم کی دیوار کے مخصوص حصوں اور پاور انٹیک سٹرکچر پر مقررہ سطح سے اوپر کنکریٹ کا کام کرنے سے روک دیا گیا ہے اور اسے تعمیراتی جدول میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں رپورٹ پیش کرنا ہوگی، تاکہ شفافیت یقینی بنائی جا سکے اور ایسے اقدامات سے روکا جا سکے جو پاکستان کے حقوق کو متاثر کر سکتے ہیں۔ یہ پابندیاں نیوٹرل ایکسپرٹ کے حتمی فیصلے کے 90 دن بعد تک نافذ العمل رہیں گی، جو جولائی 2027 میں متوقع ہے، جس سے تنازع کے حل کے دوران موجودہ صورتحال برقرار رہے گی۔ یہ نتیجہ ظاہر کرتا ہے کہ معاہدے کا تنازعات کے حل کا نظام —— دائمی سندھ طاس کمیشن سے لے کر نیوٹرل ایکسپرٹ اور کورٹ آف آربٹریشن تک —— فریقین کے حقوق کا موثر تحفظ کر سکتا ہے، جبکہ بھارت عدالت کے احکامات کی تعمیل کا پابند ہے۔

وسیع تر تناظر میں بین الاقوامی قانون پر پاکستان کا دیرینہ اعتماد اور اس بات پر اصرار کہ تنازعات کو معاہدے کے وضع کردہ میکانزم کے ذریعے ہی حل کیا جائے، مکمل طور پر درست ثابت ہوا ہے۔ یہ متفقہ فیصلہ خاص طور پر اس لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ ثالثوں کے درمیان کامل اتفاقِ رائے کی نمائندگی کرتا ہے جس سے اس فیصلے کو تقسیم شدہ یا مبہم ظاہر کرنے کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ لہٰذا یہ پاکستان کے نہایت باریک بینی سے تیار کردہ قانونی موقف کی بھرپور تائید، بھارتی موقف کی تردید اور بین الاقوامی قانونی نظام کی ایک بڑی فتح ہے جو اس اصول کو تقویت دیتی ہے کہ معاہدوں کا احترام کیا جانا چاہیے، انہیں یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا اور انہیں بین الاقوامی تنازعات کے حل کے لیے استحکام، پیش گوئی اور پرامن ذرائع فراہم کرنے چاہئیں۔

پاکستان کی قانونی ٹیم، جس میں کچھ بہترین بین الاقوامی وکلاء شامل تھے، نے ملک کے حقوق کے دفاع میں شاندار کام کیا۔ وہ ہر ایک نقطے پر عدالت کو قائل کرنے میں کامیاب رہے اور متفقہ فیصلہ ان کی کامیابی کا حتمی ثبوت ہے۔ پاکستان کے قانونی موقف کی طاقت شروع ہی سے واضح تھی اور عدالت کے فیصلے نے اب اس کی کسی بھی شک و شبہے سے بالاتر ہو کر تصدیق کر دی ہے۔ پاکستان اپنے پانی کے حقوق کے تحفظ اور بین الاقوامی معاہدوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے ہر قانونی اور سفارتی فورم پر مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا۔ یہ سفر کا اختتام نہیں ہے؛ یہ ایک طویل سفر میں ایک اہم سنگِ میل ہے۔ پاکستان اپنے مفادات کے دفاع میں بیدار اور متحرک رہے گا۔ وہ پانی سے متعلق اپنے خدشات کے بارے میں اور اپنے قانونی حقوق کے لیے حمایت حاصل کرنے کے لیے بین الاقوامی اداروں اور فورمز کے ساتھ رابطہ قائم رکھے گا۔ پاکستان عالمی بینک کے ساتھ بھی کام جاری رکھے گا، جو سندھ طاس معاہدے کا ضامن ہے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ معاہدے پر مؤثر طریقے سے عمل درآمد ہو رہا ہے اور تمام تنازعات اس کی شقوں کے مطابق حل ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر میں ملک کے سفارتی مشنز اس فتح کو فعال طور پر اجاگر کریں گے اور پاکستان کے پانی کے حقوق کے حق میں بین الاقوامی رائے عامہ کو متحرک کریں گے۔ تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کا عزم اٹل ہے اور وہ اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب قانونی اور سفارتی ذرائع کا استعمال جاری رکھے گا۔

ملک کی قیادت نے یہ واضح کر دیا ہے کہ واٹر سیکیورٹی ایک اعلیٰ ترین ترجیح ہے اور اس کی حفاظت میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔ حالیہ فیصلے نے پاکستان کو آگے بڑھنے کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کیا ہے اور وہ پانی کے مسائل پر اپنے موقف کو مزید مضبوط کرنے کیلئے اس پلیٹ فارم کا استعمال کرے گا۔ بھارت کو غیر قانونی کاموں سے گریز کرنا چاہیے ☆☆جاری ہے☆☆

فلسطین کی پکار اور مسلم دنیا کی ذمہ داری

مولانا محمد اسامہ پسروری

فلسطین کا مسئلہ اتنا پرانا ضرور ہے کہ دنیا اس کی عادی ہو جائے، مگر اتنا معمولی نہیں کہ اسے معمول کا مسئلہ سمجھ لیا جائے۔ غزہ کی تباہی نے ایک بار پھر یہ سوال پوری شدت سے سامنے رکھا ہے کہ جب ایک پوری آبادی مسلسل خوف، بے گھری، بھوک اور بنیادی سہولتوں کی کمی کا سامنا کرے تو دنیا کا ردِعمل کیا ہونا چاہیے؟ یہ سوال صرف فلسطین سے متعلق نہیں، بلکہ انسانی ضمیر سے متعلق ہے۔

غزہ میں جو کچھ ہوا اور ہو رہا ہے، اسے صرف سیاسی کشمکش کے عنوان سے دیکھنا کافی نہیں۔ جنگ کا سب سے بڑا بوجھ عام انسان اٹھاتا ہے۔ وہ شخص جس نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، مگر اس کا گھر تباہ ہو جاتا ہے؛ وہ بچہ جسے سیاست کا مطلب معلوم نہیں، مگر اس کا اسکول چھن جاتا ہے وہ مریض جس کے لیے علاج زندگی اور موت کا مسئلہ ہوتا ہے، مگر ہسپتال ہی متاثر ہو جاتے ہیں۔ یہی وہ حقیقت ہے جو فلسطین کے مسئلے کو انسانی مسئلہ بناتی ہے۔

مسلم دنیا کے لیے فلسطین کی اہمیت مذہبی وابستگی سے بڑھ کر ایک تاریخی اور انسانی ذمہ داری بھی ہے۔ مسجد اقصیٰ مسلمانوں کے مقدس مقامات میں شامل ہے، لیکن فلسطین کے ساتھ تعلق صرف جذباتی وابستگی کا نام نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ فلسطینی عوام کے جان و مال، عزت، بنیادی حقوق اور مستقبل کے بارے میں مسلم دنیا کا عملی کردار کیا ہے؟ کسی مسئلے کو اپنا مسئلہ کہنا آسان ہے، اسے مستقل ذمہ داری سمجھ کر کردار ادا کرنا مشکل ہے۔

فلسطین کے معاملے میں سب سے زیادہ ضرورت مستقل مزاجی کی ہے۔ کسی بڑے سانحے کے بعد چند دن احتجاج، بیانات اور سوشل میڈیا مہم کے بعد خاموش ہو جانا مسئلے کا حل نہیں۔ فلسطین کو مسلسل سفارتی توجہ، انسانی امداد، طبی و تعلیمی تعاون اور عالمی اداروں میں مؤثر آواز کی ضرورت ہے۔ مسلم ممالک کے پاس اپنے سیاسی اور سفارتی ذرائع ہیں ان ذرائع کو فلسطینی عوام کے بنیادی حقوق اور ایک منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے استعمال کرنا ایک سنجیدہ ذمہ داری ہے۔

یہاں ایک اور پہلو بھی اہم ہے۔ فلسطین کی حمایت صرف جذبات سے نہیں، درست معلومات اور ذمہ دارانہ طرزِ اظہار سے بھی ہونی چاہیے۔ آج ایک تصویر چند سیکنڈ میں دنیا بھر میں پہنچ جاتی ہے، لیکن اسی رفتار سے غلط خبر بھی پھیل سکتی ہے۔ غیر مصدقہ اطلاعات، جعلی تصاویر اور مبالغہ آمیز دعوے وقتی جذبات تو پیدا کر سکتے ہیں، مگر فلسطین کے حقیقی مقدمے کو نقصان بھی پہنچا سکتے ہیں۔ سچی بات کو مضبوط دلیل کے ساتھ پیش کرنا کسی بھی سنجیدہ جدوجہد کا بنیادی تقاضا ہے۔

مسلم دنیا کے باہمی سیاسی اختلافات اپنی جگہ ہیں، لیکن ہر اختلاف کو فلسطین کے معاملے میں بے عملی کا جواز نہیں بننا چاہیے۔ مختلف حکومتوں کی خارجہ پالیسیاں مختلف ہو سکتی ہیں، مگر انسانی جان کے تحفظ، امداد کی فراہمی اور بنیادی حقوق کی حمایت ایسے معاملات ہیں جہاں مشترکہ کوشش کی گنجائش موجود ہے۔ فلسطین کے لیے مشترکہ کردار کا مطلب یہ نہیں کہ تمام مسلم ممالک ہر سیاسی مسئلے پر ایک رائے رکھتے ہوں اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک انسانی المیے کے سامنے کم از کم بنیادی ذمہ داریوں پر اتفاق پیدا کیا جائے۔

فلسطین کا مسئلہ صرف غزہ تک محدود نہیں۔ مغربی کنارے کی صورتِ حال، آبادکاری، بے دخلی، نقل و حرکت کی پابندیاں اور فلسطینی شہریوں کے خلاف تشدد بھی اسی بڑے مسئلے کا حصہ ہیں۔ اس لیے اگر کسی مرحلے پر جنگ کی شدت کم بھی ہو جائے تو فلسطین کا سوال ختم نہیں ہو جاتا۔ جنگ کا خاتمہ ضروری ہے، مگر پائیدار امن کے لیے حقوق، تحفظ، سیاسی مستقبل اور انصاف کے بنیادی سوالات کا حل بھی ضروری ہے۔

اس معاملے میں مسلم عوام کی ذمہ داری بھی کم نہیں۔ عوامی شعور، امدادی سرگرمیوں میں تعاون، درست معلومات کی ترسیل اور فلسطین کے مسئلے کو زندہ رکھنا اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ لیکن عوامی جذبات کو ذمہ دارانہ اور تعمیری عمل سے جوڑنا ضروری ہے۔ کسی قوم کی حمایت کا مطلب یہ نہیں کہ ہر خبر کو بغیر تحقیق کے قبول کر لیا جائے یا اختلاف رکھنے والے ہر شخص کو دشمن سمجھ لیا جائے۔ فلسطین کے لیے مضبوط آواز وہی ہوگی جو جذبات کے ساتھ عقل، دلیل اور اخلاق کو بھی ساتھ لے کر چلے۔

فلسطین نے مسلم دنیا کے سامنے ایک بنیادی سوال بھی رکھا ہے کیا ہم کسی مسئلے کو صرف اس وقت اہم سمجھتے ہیں جب وہ ہماری توجہ کا مرکز بنا ہوا ہو، یا ہماری وابستگی اس وقت بھی قائم رہتی ہے جب دنیا کی نظریں کسی اور طرف چلی جائیں؟ اگر فلسطین ہماری ترجیح ہے تو اس ترجیح کا اظہار صرف تقریروں میں نہیں بلکہ مسلسل سفارتی، انسانی اور فکری کردار میں بھی نظر آنا چاہیے۔

فلسطین کی پکار دراصل کسی ایک دن کا مطالبہ نہیں۔ یہ مسلسل توجہ، مستقل آواز اور ذمہ دارانہ کردار کا تقاضا ہے۔ مسلم دنیا کے لیے یہ وقت جذبات کو عمل، احتجاج کو پالیسی اور ہمدردی کو مستقل ذمہ داری میں تبدیل کرنے کا ہے۔ فلسطینی عوام کو صرف یہ سننے کی ضرورت نہیں کہ دنیا ان کے ساتھ ہے انہیں یہ بھی محسوس ہونا چاہیے کہ دنیا ان کے حقِ زندگی، عزت اور مستقبل کیلئے سنجیدہ کوشش کر رہی ہے۔ فلسطین کو ہماری وقتی ہمدردی نہیں، مستقل توجہ اور عملی حمایت درکار ہے۔ مسلم دنیا کی ذمہ داری صرف یہ کہنا نہیں کہ ہم فلسطینیوں کے ساتھ ہیں

شہید اسلام مولانا محمد حنیفؒ جوانی سے قربانی تک

قارئین کرام! آج میں ایک ایسی شخصیت کا تذکرہ کرنے جا رہا ہوں جس کی علمیت، اسلامیت، سماجیت، قبائلیت، سیاست اور بے لوث خدمات سے آپ سب بخوبی واقف ہیں۔ وہ شخصیت جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری، نڈر مجاہد، مظلوموں کے ترجمان، شہیدِ اسلام حضرت مولانا محمد حنیفؒ شہید کی ذات ہے۔ وہ محض ایک فرد نہیں بلکہ ایک مکمل فلسفہ، ایک زندہ فکر اور اسلاف دیوبند کا عملی نمونہ تھے۔ ان کی زندگی کا ہر ورق قربانی، اخلاص اور استقامت کی روشن مثال ہے۔ شہید مولانا کی سیاسی، قبائلی، علمی، جہادی اور سماجی خدمات پر صرف چمن یا قلعہ عبداللہ نہیں بلکہ پاکستان اور افغانستان کے عوام گواہ ہیں۔ وہ بلا رنگ و نسل، بلا تفریق قومیت ہر غریب، بے سہارا اور ضرورت مند کے دروازے پر کھڑے نظر آتے۔ انہوں نے سماجی خدمت کے میدان میں جمعیت علماء اسلام کی تاریخ میں ایک نئی مثال قائم کی۔ جب سے امریکہ نے افغانستان پر ظلم و جبر کے ساتھ قبضہ جمایا، مولانا نے اپنی آخری سانس تک طاغوتی قوتوں کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر علماء، طلباء اور مجاہدین کے شانہ بشانہ ہر محاذ پر پیش قدمی کی۔ علمی اور سیاسی خدمات کے ساتھ ساتھ وہ بلوچستان کی سطح پر ایک عظیم دانا قبائلی رہنما بھی تھے۔ ان کی ثالثی سے ہزاروں خونی تنازعات صلح میں بدلے، دشمن قبائل شیر و شکر ہوئے۔ وہ علاقے میں امن کا ضامن اور رنجشوں کے خاتمے کا واحد سہارا تھے۔ یہی وجہ تھی کہ علاقے کے بعض خان، ملک اور نواب ان سے خائف رہتے تھے کیونکہ مولانا علم سے لے کر سیاست تک ایک روشن اور مقبول نام بن چکے تھے۔ لیکن مولانا ایک عجیب و غریب انسان تھے، وہ دھوکہ، فراڈ اور قومیت کے زہر سے بھری سیاست پر کبھی یقین نہیں رکھتے تھے۔ مخالفین کی سازشوں کے باوجود وہ اپنے کردار اور اخلاق سے انہیں شکست دیتے۔ وہ ایک پُرامن، عادلانہ اور مستقیم قرآنی نظام کے داعی اور ترجمان تھے۔ ان کی تقاریر آج بھی ہمیں فہم و شعور، فکر و نظر اور اسلامی تعلیمات پر عمل کا درس دیتی ہیں۔ وہ تمام زندگی اسی کوشش میں رہے کہ انسانی زندگی کے تمام شعبوں کو اسلامی وحدت میں ڈھال کر امت مسلمہ کو ہم آہنگ کیا جائے۔ وہ وقت کے باطل، قوم پرستی کے اندھیروں اور طاغوتی طاقتوں کے لیے مشعل راہ تھے۔ اسلاف کی ترجمانی کرتے ہوئے وہ بالآخر اسلام کے عظیم شہداء کی صف میں شامل ہو گئے۔

بلوچستان بھر میں چالیس سال تک جمعیت کے پلیٹ فارم سے غریب عوام کی ترجمانی کی۔ جہاں کوئی مشکل پیش آتی، شہید صف اول میں نظر آتے۔ قبائلی اور سرکاری سطح پر ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان کی شہادت کے بعد غریب عوام کا غم و افسردگی اس کی واضح دلیل ہے۔ سات سال گزرنے کے باوجود آج بھی پاکستان اور افغانستان سے علماء، قبائلی عمائدین اور ہر مکتب فکر کے لوگ جانشین شہید اسلام حضرت مفتی محمد قاسم کے پاس آ کر شہید کی مثالی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف جمعیت بلکہ دیگر جماعتوں میں بھی اپنی سیاسی بصیرت کی وجہ سے مقبول ترین رہنما تھے۔ جب بھی قلعہ عبداللہ میں الیکشن آتا، وہ سب سے مقبول امیدوار تصور کیے جاتے۔ حیران کن حقیقت یہ ہے کہ وہ جیت کر بھی ہروائے جاتے رہے۔ 1993 میں حلقہ چمن سے جمعیت کے امیدوار تھے، جیت یقینی تھی مگر دو روز قبل با اثر قوتوں نے انہیں آزاد امیدوار نصیر احمد باچا خان کے حق میں دستبردار کرا دیا۔ 1998 میں پچانوے فیصد رائے ان کے حق میں تھی مگر ایک رائے والے شخص کو مسلط کر کے انہیں دور رکھا گیا۔ 2002 میں انہوں نے متحدہ مجلس عمل کے ٹکٹ پر پشتونخوا میپ کے چیئرمین کو آٹھ ہزار ووٹوں سے شکست دی مگر افغان قونصلیٹ اور با اثر قوتوں کے ذریعے شکست کو جیت میں بدلا گیا، اس کے گواہ اس وقت کے ڈپٹی کمشنر جمشید حسنی تھے۔ 2005 کے بلدیاتی انتخابات میں جمعیت بھاری اکثریت سے جیتی، وہ ضلعی ناظم اعلیٰ کے امیدوار بنے تو قوم پرستوں نے جعلی میٹرک ڈگری کا بہانہ بنا کر دباؤ ڈالا، ڈپٹی کمشنر حافظ شیر علی نے کہا آپ کو با اثر لوگ نہیں چاہتے، وہ دستبردار ہوئے اور حاجی آدم خان ناظم بنے۔ 2008 میں وہ خود امیدوار نہیں بننا چاہتے تھے مگر ضلعی عاملہ نے متفقہ طور پر نامزد کیا، پشتونخوا کے بائیکاٹ سے قومی نشست آسانی سے جمعیت جیت گئی جس پر حاجی روز الدین کامیاب ہوئے مگر صوبائی میں ان کے مقابلے میں دوسرا امیدوار کھڑا کیا گیا، جب وہ بھی نہ جیت سکا تو ڈھائی ہزار ووٹ لینے والے کیپٹن عبدالخالق کو راتوں رات ووٹر لسٹ سے زیادہ ووٹ دے کر کامیاب کرایا گیا۔ 2013 میں شہر میں چرچا تھا کہ بڑے ووٹ محمود خان کو اور چھوٹے مولانا کو ملیں گے، مگر وہی 2005 والی جعلی ڈگری جسے خود قوم پرستوں نے سکھر سے لا کر ان کے نام پر پیش کی تھی، اسی پر ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر ہوئی، وکلاء نے کہا آپ بحال ہو جائیں گے مگر فیصلے میں نااہل قرار دیا گیا، سپریم کورٹ سے پانچ دن پہلے بحال ہوئے مگر ساری انتخابی مہم ضائع ہو چکی تھی۔ 2018 کے قریب اسی کیس کی پیروی میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے ساتھ انہیں بھی نااہل کیا گیا حالانکہ سینکڑوں جعلی ڈگری کیسز میں لوگ الیکشن لڑ کر کامیاب ہو چکے تھے۔ با اثر قوتوں کو معلوم تھا کہ چالیس سال سے شیخ الہند کے پیروکار کی مقبولیت انہیں نمایاں مقام دے گی۔ وہ خان ازم، نواب ازم، کلاشنکوف کلچر، عیاشی اور مظلوموں کے حقوق پر ڈاکے کے سخت خلاف تھے۔ وہ مظلوم اور غاصب کے درمیان سیسہ پلائی دیوار تھے۔ اپنوں نے بھی کئی بار انہیں دیوار سے لگا کر دشمن کو راستہ دیا مگر ان کے صبر و تحمل سے ضلع میں امن برقرار رہا۔ چالیس سالہ سیاست میں انہوں نے کسی کا ایک قطرہ خون نہیں بہایا جبکہ دوسرے معمولی سیٹ کے لیے قتل و غارت سے نہیں کتراتے۔ وہ نظریے کے سوداگر نہیں بلکہ چٹان کی طرح مضبوط تھے۔ وہ ہزاروں تنازعات کے حل اور امن کے داعی تھے۔ ایک جلسے میں انہوں نے چیلنج کیا کہ کوئی ثابت کرے کہ میں نے کسی قوم یا فرد کا کام پیسوں کے عوض کیا ہو۔

وہ فرماتے تھے ہم ان میں سے نہیں جو امریکہ، انڈیا، اسرائیل کی ناراضی سے ختم نبوت اور ناموس رسالت کا دفاع چھوڑ دیں۔ ان کی پیش گوئیاں آج روز بروز سچ ثابت ہو رہی ہیں۔ شہید کا تعلق قلعہ عبداللہ تحصیل چمن کے گاؤں ملت آباد سے تھا، کوئٹہ چمن روڈ کے کنارے جامعہ دارالعلوم اسلامیہ ان کی دین دوستی کا ثبوت ہے۔ ابتدائی تعلیم والد مولوی نصرالدین اور چمن کے علماء سے حاصل کی، پھر پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے مدارس میں پڑھے، اساتذہ میں مولانا عبدالغفور، مولانا محمد امین، شیخ حسن جان شہید اور قاضی حمید اللہ جان شامل ہیں۔ دوران تعلیم بین المدارس انجمن کے صدر اور جمعیت کے تند و تیز کارکن رہے، مفتی محمود کے حکم پر جے ٹی آئی کی داغ بیل ڈالی۔ 1977 میں تحریک نظام مصطفیٰ میں سب سے کم عمر قیدی بنے، روس کے خلاف جہاد میں اکابر اور مجاہدین کے درمیان پیغام رسانی کا ذریعہ رہے۔ 1984 میں شیخ حسن جان سے سند فراغت لی، چمن کی جامع مسجد سے خدمت شروع کی اور 1993 میں ملت آباد میں جامعہ دارالعلوم اسلامیہ کی بنیاد رکھی۔ اسی سال سے مخالف قوتیں انہیں روکنے میں لگیں مگر وہ جوان مردی سے مقابلہ کرتے رہے۔ وہ مایوسوں کو حوصلہ دینے والے تھے۔ بالآخر 28 ستمبر 2019 کو تاج روڈ پر اپنے عوامی دفتر کے دروازے پر بھرے بازار میں بم دھماکے میں شہید کر دیے گئے۔ اتنے بڑے سانحے کے بعد بھی تحقیق خوابِ غفلت کا شکار ہے۔ لیکن ہمیں یقین ہے کہ ان کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور جانشین مفتی محمد قاسم کی قیادت میں یہ قافلہ جاری رہے گا۔ ان شاءاللہ۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

مقررہ ہدف کو انتہائی درستگی سے نشانہ بنایا، کامیاب فائرنگ سے ہنگور کے ویپن سسٹمز اور جنگی تیاری کی توثیق ہوئی، ہنگور کی کامیاب فائرنگ پاک بحریہ کی زیرِ آب جنگی صلاحیتوں میں اہم سنگ میل ہے۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے پی این ایس / ایم ہنگور کی جنگی صلاحیت اور عملے کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ اس موقع پر نیول چیف نے کہا کہ زیرآب جنگی صلاحیتوں میں مسلسل اضافہ آپریشنل تیاری اور قابلِ اعتماد دفاعی صلاحیت کیلئے ناگزیر ہے، پاک بحریہ پاکستان کی بحری سرحدوں کے دفاع اور خطے میں امن و استحکام کیلئے پرعزم ہے۔ دریں اثناء صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے پاک بحریہ کی نئی آبدوز 'ہنگور' کی پہلی کامیاب لائیو ویپن فائرنگ پر پاک بحریہ کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے پاک بحریہ کی آپریشنل تیاری اور بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کو سراہا۔ صدر زرداری نے کہا کہ جدید جنگی صلاحیتوں سے لیس پاک بحریہ قومی بحری حدود کے تحفظ اور خطے کے امن و سلامتی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کی قیادت میں پاک بحریہ کی آپریشنل تیاری اور بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافے کو سراہا۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان کی بحری دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ ملکی سمندری حدود کے مؤثر دفاع اور خطے میں امن کے قیام کے عزم کا عکاس ہے۔ یاد رہے کہ صدر زرداری نے اس سال 30 اپریل کو اس آبدوز کے پاکستان سپرد کرنے کی تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے جو چین کے شہر سانیا میں منعقد ہوئی تھی۔ وزیراعظم نے پاکستان بحریہ کو آبدوز ''پی این ایس/ ایم ہنگور'' کے پہلے کامیاب براہ راست ہتھیاروں کے تجربے (لائیو ویپن فائرنگ) پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے پاکستان بحریہ اور اس کی قیادت کو فلیٹ نئی شامل کی جانے والی آبدوز پی این ایس/ ایم ہنگور کے پہلے کامیاب لائیو ویپن فائرنگ کے تجربے پر مبارکباد دی

بقیہ 2

کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ کیا جا چکا ہے، جو دہشت گردی کے خلاف جاری کارروائیوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو مؤثر انداز میں نشانہ بنا کر مقامی آبادی کو درپیش خطرات میں نمایاں کمی کی ہے۔ دہشت گرد عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں بدامنی پیدا نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ریاست دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مکمل خاتمے تک جاری رہیں گی۔ و

بقیہ 3

عالمی دن ''ڈیجیٹل دور میں معلومات کی صحت اور صداقت کا تحفظ: معلوماتی انتشار سے نمٹنے میں معلومات تک رسائی کا کردار'' کے عنوان سے منایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ موضوع بجا طور پر معلومات کی دستیابی کو درپیش ایک اہم مسئلے کی نشاندہی کرتا ہے، جس میں غلط اور گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معلومات تک رسائی ایک بنیادی حق اور شفاف، جوابدہ اور باخبر معاشرے کی بنیاد ہے، عوام کو درست، بروقت اور قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی نہ صرف ریاستی اداروں کی ذمہ داری ہے بلکہ یہ شہریوں کو باخبر فیصلے کرنے اور قومی امور میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بھی بناتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج کے ڈیجیٹل دور میں ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا نے معلومات تک رسائی کو پہلے سے کہیں زیادہ آسان بنا دیا ہے تاہم غیر مصدقہ، گمراہ کن اور جھوٹی معلومات کا تیزی سے پھیلاؤ ایک سنگین چیلنج بن چکا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ غلط اور گمراہ کن معلومات کا پھیلاؤ معاشرے میں بے یقینی پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کے اعتماد کو بھی متاثر کر سکتا ہے، اس صورتحال میں معلومات تک رسائی کا حق مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستند اور قابلِ اعتماد معلومات کی بروقت فراہمی، شفافیت، حقائق کی جانچ اور ذمہ دارانہ ابلاغ کے ذریعے معلوماتی انتشار کا مؤثر طور پر مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان عوام کو درست اور مستند معلومات کی فراہمی، شفافیت کے فروغ اور معلومات تک رسائی کے حق کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، ہم جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان مؤثر رابطے کو مزید مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ معلومات تک رسائی کے عالمی دن کا یہ موقع ہمیں اس عزم کی تجدید کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم ایسا ڈیجیٹل اور معلوماتی ماحول تشکیل دیں جہاں ہر شہری کو درست، قابلِ اعتماد اور بروقت معلومات تک آسان رسائی حاصل ہو اور جھوٹی و گمراہ کن معلومات کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے اجتماعی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئین پاکستان کا آرٹیکل 19 (A) تمام شہریوں کو عوامی اہمیت کے حامل امور میں معلومات تک رسائی کی ضمانت دیتا ہے۔ اس آئینی ضمانت کو قانون سازی اور ادارہ جاتی انتظامات کے ذریعے شہریوں کیلئے معلومات کے حصول کے مؤثر نظام میں ڈھالا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان انفارمیشن کمیشن شہریوں کے حق رسائی کو یقینی بنانے کا فورم ہے، جو شہریوں کی متعلقہ شکایات کا ازالہ بھی کرتا ہے۔

بقیہ 4

ہوئے کہا ہے کہ غیرملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر آصف علی زرداری نے آپریشن شعبان اور بلوچستان کے دیگر علاقوں میں 71 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور افغان طالبان کی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں، بلوچستان میں دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے کلیئر کرنا سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ غیرملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے کارروائیاں جاری رہیں گی، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں۔

بقیہ 5

یہ ڈی مارش گزشتہ روز افغان حکام کے حوالے کیا گیا جس میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کے حالیہ واقعات، سرحدی دراندازی اور پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی پر شدید تحفظات سے آگاہ کیا گیا۔ پاکستان نے افغان حکام پر واضح کیا کہ پاکستانی حدود میں دہشت گردی کے واقعات اور سرحدی خلاف ورزیوں کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان نے افغان حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرے۔

بقیہ 6

کے صوبہ گوئی ژو میں چینی کمپنیوں کے ساتھ معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جبکہ اسٹیل، ادویہ سازی اور ہیلتھ ٹیکنالوجی کے شعبوں سے وابستہ کمپنیوں کے ساتھ بھی الگ الگ بات چیت کی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد پاکستان اور چین کے درمیان صنعتی اور تجارتی روابط کو مزید وسعت دینا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق گوئی ژو چیمبر آف کامرس کے زیراہتمام منعقدہ گوئی ژو۔ پاکستان اقتصادی و تجارتی سمپوزیم کے موقع پر کمپنی نے گوئی ژو میں قائم چار کاروباری اداروں کے ساتھ مفاہمت کی یادداشتوں (MoUs) اور شراکت داری کے معاہدوں پر دستخط کیے۔ پاکستانی کمپنی کے مطابق ان معاہدوں کا مقصد ممکنہ مشترکہ منصوبوں، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پاکستان میں مقامی صنعتی ترقی بالخصوص انفراسٹرکچر، زراعت، تعمیراتی سامان اور غذائی لاجسٹکس کے شعبوں میں بنیاد فراہم کرنا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دریں اثنا، کمپنی کے وفد نے چین کے شہر یوشی میں شن لونگ اسٹیل کی ایک پیداواری تنصیب کا دورہ کیا، جہاں دونوں جانب سے پاکستانی مارکیٹ کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذاکرات میں کولڈ رولڈ، جستی اور کلر کوٹیڈ اسٹیل مصنوعات کے ساتھ ساتھ پاکستانی مارکیٹ میں داخلے اور تقسیم کے ممکنہ انتظامات پر بھی بات ہوئی۔

بقیہ 7

خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان گفتگو تقریباً 20 منٹ جاری رہی۔ صدر ٹرمپ نے وزیراعظم تاکائچی کو امریکی صدر اور چینی صدر شی جن پنگ کے درمیان ہونے والے اجلاس کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے چین سے متعلق اقتصادی اور سیکیورٹی امور پر تبادلہ خیال کیا اور قریبی تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 8

کے تیزی سے فروغ پذیر ماحول میں درست اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی ایک باخبر جمہوریت کیلئے نہ صرف مزید ضروری بلکہ انتہائی اہم بن گئی ہے۔ جو اس امر کی متقاضی ہے کہ متعلقہ اداروں، عوام، دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، شعبہ ابلاغ سے وابستہ ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کے کردار پر زیادہ توجہ دی جائے تاکہ شہری تیزی سے تبدیل ہوتے ہوئے اطلاعاتی ماحول میں بہتر طور پر رہنمائی حاصل کر سکیں۔ انہوں نے یہ بات معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 28 ستمبر کو منایا جا رہا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ معلومات تک ہمہ گیر رسائی کے عالمی دن پر ہر شہری کے معلومات تک رسائی کے حق بالخصوص عوامی اہمیت کے معاملات سے متعلق معلومات تک رسائی کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان کا کہنا ہے کہ جمہوریت میں شہری اس وقت ہی عوامی زندگی میں بامقصد طور پر حصہ لے سکتے ہیں جب انہیں بروقت، مستند اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ آئین پاکستان اس حق کیلئے واضح بنیاد فراہم کرتا ہے۔ 18ویں آئینی ترمیم نے آزادی اظہار کے آئینی ڈھانچے کو مزید مضبوط کیا اور آرٹیکل 19-A شامل کیا گیا جو ہر شہری کو قانون کے تحت متعلقہ ضوابط اور معقول پابندیوں کے تابع تمام عوامی اہمیت کے معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق دیتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ مزید برآں وفاقی سطح پر حق رسائی معلومات ایکٹ 2017 بھی معلومات تک رسائی کیلئے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے

بقیہ 9

سے طویل فاصلے کے ہدف کو درستگی سے نشانہ بنانا پاک بحریہ کی بلند جنگی صلاحیت کا مظہر ہے پاک بحریہ کی جدید آبدوز کی کامیاب ہتھیاروں کی فائرنگ ملک کی دفاعی صلاحیت اور پیشہ ورانہ تیاری کی عکاس ہے پاکستان کی مسلح افواج قومی سلامتی کو درپیش ہر چیلنج سے نمٹنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہیں قوم کو پاک بحریہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور دفاع وطن کے لیے خدمات پر فخر ہے

بقیہ 10

کو پکڑا۔ ایرانی ماہرین بغیر پائلٹ امریکی آبدوز کا ڈیٹا حاصل کریں گے۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ نے بیان میں کہا کہ امریکی زیرِ آب ڈرون کو ایک مربوط اور پیچیدہ کارروائی کے دوران روکا گیا۔ کارروائی میں انٹیلی جنس صلاحیتوں اور الیکٹرانک وارفیئر کا استعمال کیا گیا۔ پاسداران انقلاب کی بحریہ کا کہنا تھا کہ امریکی ڈرون کو جاسوسی کی غرض سے آبنائے ہرمز میں سرگرم پایا گیا تھا اور اب یہ ایرانی ماہرین کے قبضے میں ہے، جو اس سے حاصل ہونے والی معلومات کا جائزہ لے رہے ہیں

بقیہ 11

کے سلسلے کے دوران وفاقی سیکریٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق عامر علی احمد اور وفاقی سیکریٹری تجارت جواد پال نے پاکستان کے ملائیشیا میں ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ کے ہمراہ برناس کے گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر داتو ڈاکٹر سراج الدین بن سوہیمی، جاکم کے ڈائریکٹر جنرل اور ملائیشیا کی وزارت زراعت و غذائی تحفظ کے سیکریٹری جنرل داتو ک سری عشام بن عشاق سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں چاول کی برآمدات، حلال سرٹیفکیشن کے معیارات اور غذائی تحفظ کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایک ملاقات میں وفاقی سیکریٹری عامر علی احمد اور وفاقی سیکریٹری تجارت جواد پال نے ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ، پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، محکمہ تحفظ نباتات کے ڈائریکٹر جنرل یاسین مرتضیٰ، رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نمائندگان اور پاکستان ہائی کمیشن کے حکام کے ہمراہ کوالالمپور میں برناس کے گروپ چیف ایگزیکٹو آفیسر اور انتظامیہ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان سے ملائیشیا کو چاول کی برآمدات میں اضافے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مذاکرات میں ملائیشیا کو پاکستانی چاول کی برآمدات بڑھانے کے ساتھ ساتھ برناس کے معیار اور تقاضوں پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ملاقات میں ملائیشیا انٹیگرل حلال شوگس میں پاکستان کی بھرپور شرکت کا بھی اعادہ کیا گیا اور دوطرفہ تجارت کے فروغ، مارکیٹ روابط کو مضبوط بنانے اور خطے میں غذائی تحفظ کیلئے مشترکہ کوششوں کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ جاکم کے ڈائریکٹر جنرل داتو ڈاکٹر سراج الدین بن سوہیمی سے اعلیٰ سطحی ملاقات کے دوران وفاقی سیکریٹری عامر علی احمد نے پاکستان ہائی کمیشن کے سینئر حکام کے ہمراہ زراعت اور حلال شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 12

ٹھکانوں کی نشاندہی کی گئی۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ انٹیلی جنس اطلاعات پر سیکیورٹی فورسز نے 21 ستمبر کو زیارت اور گردونواح میں کارروائی کی، سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں سے مقابلہ کرتے ہوئے متعدد ٹھکانے کلیئر کیے، شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 33 دہشت گرد ہلاک کیے گئے جو خوارج مقامی آبادی کیلئے خطرہ بن رہے تھے۔ اس کے علاوہ فورسز نے 25 ستمبر کو نوشکی میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا اور دہشتگردوں کے ٹھکانے کو نشانہ بنایا، آپریشن میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم 11 دہشت گرد ہلاک ہوئے، مند میں بھی سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گرد ہلاک کیے جبکہ کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ 96 گھنٹوں کے دوران 70 سے زائد دہشت گرد ہلاک کیے جا چکے جس سے بھارتی پشت پناہی میں سرگرم افغان پراکسیز کو شدید دھچکا پہنچا ہے

بقیہ 13

گوشواروں میں غلط معلومات فراہم کرنے والے زد میں آئیں گے۔ ٹیکس دہندگان کو مالی لین دین کا ریکارڈ احتیاط سے مرتب کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ واضح کیا گیا کہ تمام معلومات درست اور دستاویزی ثبوت کے ساتھ درج ہونی چاہیے۔ انکم ٹیکس ریٹرن میں غلط معلومات فراہم کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائیگی۔ انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر ہے۔

بقیہ 14

رجیم کے نورستان میں مبینہ تشدد کو پاکستان سے جوڑنے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان افغان سیکیورٹی یا انٹیلی جنس اداروں کے الزامات کو مسترد کرتا ہے۔ افغانستان کے اندرونی جھڑپوں میں ملوث ہونے کے الزامات مسترد کرتے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ سابق افغان سیکیورٹی اہلکاروں کو بھرتی یا تربیت دینے کے الزامات بے بنیاد ہیں۔ داعش یا کسی دہشتگرد گروہ کو سہولت فراہم کرنے کے الزامات بھی بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کے خلاف الزامات کے ثبوت پیش نہیں کیے گئے اور نہ کسی فرد کی شناخت، دستاویزات، مواصلاتی ریکارڈ یا فرانزک شواہد سامنے آئے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ سوشل میڈیا کی مبینہ ویڈیو میں چند غیر مسلح افراد دکھائے گئے۔ ویڈیو میں افراد مناسب لباس یا سازوسامان کے بغیر بھی نہیں، ویڈیو افغان طالبان رجیم کی جانب سے طے شدہ انداز میں بنائی گئی لگتی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ افغانستان میں دہشتگرد گروہوں کی موجودگی عالمی رپورٹس میں سامنے آئی ہے، اقوام متحدہ کی رپورٹس میں بھی افغان دہشتگرد گروہوں کی سرگرمیوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ پاکستان سے تعلق جوڑنے کی کوششیں افغان سرزمین پر دہشتگرد گروہوں کی موجودگی نہیں چھپا سکتیں، افغان سرزمین پر دہشتگرد گروہوں کو محفوظ پناہ گاہیں اور سازگار ماحول حاصل ہے

بقیہ 15

ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشتگردوں کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ اتوار کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ پوری قوم بلوچستان

بقیہ 16

میں دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر اپنی بہادری، پیشہ ورانہ مہارت اور آپریشنل صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ حنیف عباسی نے کہا کہ ملک کے دفاع، امن اور سلامتی کیلئے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں

بارشوں کے بعد سیلابی صورتحال ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ساحلی علاقوں میں 100 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار کی ہوائیں ریکارڈ ہوئی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق مشرقی ساحلی ریاستی علاقے زیرِ آب آگئے، کئی درخت گر گئے، گاڑیاں کئی فٹ پانی میں ڈوبی نظر آئیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ متاثرہ ریاستوں میں 1 لاکھ سے زائد صارفین بجلی سے محروم ہیں، خراب موسم کے باعث 445 پروازیں منسوخ، 3 ہزار سے زائد تاخیر کا شکار ہیں

بقیہ 17

کی حقیقی کامیابی ہوگی۔ میں 21ویں ٹیکنیکل ورکشاپ بلوچستان کے منتظمین اور تمام معزز شرکاء کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ اس ورکشاپ کے فکری مباحث اور کورس بلوچستان اور پاکستان کی پائیدار ترقی کیلئے عملی رہنمائی فراہم کریں گے۔ اس موقع پر بریگیڈیئر خاقان سرور بھی موجود تھے۔ ٹیکنیکل ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج جب آپ اس ورکشاپ سے واپس جائیں گے تو آپ کی ذمہ داریاں ختم نہیں بلکہ مزید بڑھ چکی ہیں۔ آپ سے توقع ہے کہ یہاں حاصل ہونے والے علم، تجربے اور بصیرت کو اپنے ادارے، شعبے اور معاشرے میں مثبت تبدیلی کیلئے استعمال کریں گے۔ ہمیں بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار اور ہنرمندی کے مواقع پیدا کرنے، معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے، سماجی انصاف کو مضبوط بنانے اور معاشی عدم استحکام جیسے مسائل سے نمٹنے کیلئے مشترکہ اور دیرپا حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کو وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے خطوں سے جوڑنے کی جغرافیائی صلاحیت رکھتا ہے۔ گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں سے لے کر معدنی اور زرعی خطوں تک، صوبے کے مختلف حصے پاکستان کی معاشی ترقی اور خطے کی رابطہ کاری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں

بقیہ 18

خطاب کے الفاظ کو اقوام متحدہ میں فلسطینی مشن نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر نمایاں کر دیا۔ فلسطینی مشن کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے جنرل اسمبلی سے خطاب میں فلسطین کا خصوصی ذکر کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے فلسطینی خواتین، بچوں اور بزرگوں پر ہونے والے مظالم کو عالمی ضمیر کے سامنے اجاگر کیا۔ وزیراعظم نے عالمی برادری کے سامنے غزہ کے بچوں کے حق زندگی، بہتر مستقبل اور خوابوں کی تکمیل کا سوال اٹھایا۔ شہباز شریف نے کہا تھا کہ گزشتہ سال ہند رجب نامی فلسطینی بچی نے دل دہلا دینے والی داستان بیان کی تھی، ہند رجب نامی بچی کو اسرائیلی فوجیوں نے بے دردی سے گولی ماردی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ اس سال ایک اور سانحہ ہمارے دلوں اور پوری دنیا کے دل پر بوجھ بن گیا ہے۔ 8 سال کی وفا عقیلہ ایک بے مقصد جارحیت میں جان گنوا دی، وفا عقیلہ کا اسکول کا پہلا دن اس کی زندگی کا آخری دن بن گیا

بقیہ 19

یوسف رضا گیلانی اور پاکستانی پارلیمانی وفد کو الوداع کہنے کیلئے ذاتی طور پر منسک نیشنل ایئرپورٹ پہنچیں پاکستان اور بیلاروس کے باہمی تعلقات کی اہمیت اور گرمجوشی کی عکاسی کرتے ہوئے بیلاروس کی نیشنل اسمبلی کی کونسل آف دی ریپبلک کی چیئرپرسن نتالیہ کوچانووا نے گزشتہ رات دیر گئے سید یوسف رضا گیلانی اور پاکستانی پارلیمانی وفد کو الوداع کہنے کیلئے ذاتی طور پر منسک نیشنل ایئرپورٹ پہنچیں۔ دورے کے دوران چیئرمین سینیٹ نے کونسل آف دی ریپبلک کی قیادت اور دیگر بیلاروسی حکام کے ساتھ اہم اور تفصیلی ملاقاتیں کیں جن میں پارلیمانی تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ روابط کو وسعت دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 20

ملکی سلامتی اور بین الاقوامی سطح پر سیکیورٹی و امن وامان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا کہ موجودہ سیاسی و عسکری قیادت خطے اور عالمی سطح پر امن وسلامتی کے فروغ، کشیدگی میں کمی اور معاشی و اقتصادی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کا اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب انتہائی اہمیت کا حامل ہے، جس میں انہوں نے پاکستان کے عوام کے جذبات، مؤقف اور قومی ترجیحات کو مؤثر انداز میں عالمی برادری کے سامنے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین اور مقدس مقامات کا تحفظ ہر مسلمان کے دل کے قریب ہے اور پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ معاہدہ ایک اہم پیش رفت ہے اور اس پر امن وعن عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ عالمی سطح پر کشیدگی میں کمی اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی کوششیں قابلِ ذکر ہیں۔

بقیہ 21

مددجنگ نے کہا کہ حلقے کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں عوامی مینڈیٹ سے نوازا ہے، ہم اس کی قدر کرتے ہیں اور عوامی توقعات پر پورا اترنے کیلئے علاقے کے بنیادی مسائل کے حل کو ترجیح دے رہے ہیں۔ مشرقی بائی پاس کی تعمیر و توسیع کا منصوبہ علاقے کی ترقی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا، منصوبے پر تقریباً ڈیڑھ ارب روپے کی لاگت آئے گی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ نے منصوبے کی منظوری اور تکمیل کیلئے بھرپور معاونت فراہم کی، جس پر ہم ان کے مشکور ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہم پہلے ہی اس عزم کا اعادہ کر چکے ہیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں کے ہاتھوں سے بندوق لے کر انہیں قلم تھمانا ہے۔ کسی بھی معاشرے کی مضبوط اور پائیدار تشکیل میں امن، محبت اور بھائی چارہ بنیادی ستون کی حیثیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 22

گیا۔ نادرا کے مطابق برتھ سرٹیفکیٹ نہ ہونے کے باوجود 18 سال سے زائد عمر کی ایسی خواتین 31 دسمبر تک اپنا شناختی کارڈ بنواسکیں گی، شادی شدہ خواتین کمپیوٹرائزڈ نکاح نامہ کے ساتھ شناختی کارڈ بنواسکیں گی، درخواست گزار کے شوہر یا والدین میں سے کسی ایک کا بائیو میٹرک لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نادرا کے مطابق 18 سال سے زائد عمر کی غیرشادی شدہ خاتون کے پاس والدین، بہن یا بھائی کا شناختی کارڈ ہونا ضروری ہے، درخواست گزار خاتون کے والدین یا بہن، بھائی کا بائیو میٹرک تصدیق کے لئے ساتھ ہونا بھی ضروری ہے، یہ خصوصی سہولت 21 دسمبر 2026 تک برقرار رہے گی۔

بقیہ 23

گئے۔ برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے زیر استعمال فیئر فورڈ ایئر بیس پر سیکیورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق جنوب مغربی انگلینڈ میں فیئر فورڈ ایئر بیس کیقریب دو مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ مشتبہ افراد کو دھماکا خیز مواد سے متعلق قانون کے تحت گرفتار کیا گیا۔ فیئر فورڈ ایئر بیس کی طرف جانے والے راستے بند ہیں جبکہ اطراف کا علاقہ خالی کرا لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بم ڈسپوزل فورس گاڑیوں کی تلاشی کر رہی ہے

بقیہ 24

اعتزاز احمد گورایا، ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی، ڈی پی او جلیل احمد بلیدی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ آئی جی پولیس کو دفتر کے مختلف حصوں کا معائنہ کرایا گیا۔ ڈی آئی جی سی ٹی ڈی اعتزاز احمد گورایا نے اس حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر آئی جی پولیس بلوچستان نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ امن و امان، سیکیورٹی اقدامات اور دہشت گردی کے تدارک کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہر موڑ پر حوصلہ افزائی اور ہر ممکن سہولیات کیلئے تمام دستیاب وسائل کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ٹی ڈی دفتر کے قیام سے علاقے میں انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں اور سیکیورٹی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے میں

بقیہ 25

مدد ملے گی۔ پولیس نے امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کیلئے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کا سلسلہ برقرار رکھا ہے۔ نئے دفتر سے علاقے میں سی ٹی ڈی کی استعداد کار اور فوری کارروائیوں میں مزید بہتری آئے گی۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پولیس اسٹیشن سرانان کا بھی دورہ کیا

سے ہٹانے کی ہدایت کی ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل خان آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا مکمل اعتماد حاصل ہے اور پی ٹی آئی بھی ان کی مکمل حمایت کرے گی۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ سب کو سمجھنا ہوگا کہ یہ حالات کو خراب کرنے کا وقت نہیں، اس وقت سب کو کوشش کرنی چاہیے کہ ملک کے حالات بہتر ہوں۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کو مزید خراب ہونے سے بچانے کیلئے کوششیں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 26

میں معلومات حاصل کیں۔ طلباء و طالبات نے الخدمت فاؤنڈیشن جماعت اسلامی کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت اور محنتی ہیں تعلیم اور ٹیکنالوجی سے لیس ہوکر جدید چیلنجز کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ بلوچستان کے غربت و ناخواندگی کو تعلیم و ہنر سے ختم کریں گے۔ جماعت اسلامی کے الخدمت بنوقابل پروگرام کے تحت لاکھوں کے مہنگے کورسز مفت فراہم کر کے نوجوانوں کو علم و ہنر کا راستہ آسان بنا دیا ہے انہیں جدید تعلیم، ٹیکنالوجی اور فنی مہارتوں کے مواقع فراہم کر کے ان کی صلاحیتوں کو ملک و قوم کی ترقی کیلئے بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ نوجوانوں کو روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہنر اور ٹیکنالوجی سیکھنے پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ جماعت اسلامی بلوچستان میں دینی و عصری تعلیم اور ہنر سے لیس باصلاحیت تعلیمیافتہ نوجوان تیار کریں گے

بقیہ 27

کے عوام ہیں، جمعیت علماء اسلام عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت کی حیثیت سے عوام کے حق حاکمیت، حق رائے دہی، آئینی حقوق اور سیاسی اختیار کی جنگ ہر محاذ پر لڑتی رہے گی، عوام کے مینڈیٹ کو روند کر اور انتخابات کے نام پر عوامی فیصلے کو بے معنی بنا کر جو کھیل کھیلا گیا تھا وہ سیاسی کھیل اب اپنے منطقی انجام کو پہنچنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ وفاقی حکومت کی تشکیل کے سودے میں بلوچستان حکومت کو بطور سیاسی بارگیننگ چپ استعمال کرنا مزید کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، بلوچستان کے اقتدار اور عوامی مینڈیٹ کو وفاقی سیاسی سودے بازی کا مال تجارت بنانے کا سلسلہ بند کیا جائے اور صوبے کی سیاسی تقدیر کا فیصلہ بند کمروں کے سیاسی فارمولوں کے بجائے بلوچستان کے عوام کے حقیقی مینڈیٹ سے کیا جائے، بلوچستان کو مصنوعی سیاسی بندوبست، مسلط شدہ اقتدار اور غیر نمائندہ انتظامی فارمولوں کے رحم و کرم پر مزید نہیں چھوڑا جاسکتا، صوبے کو اس کی حقیقی عوامی نمائندہ قیادت کے سپرد کیا جائے۔ مصنوعی سیاسی کھیپ کو اقتدار کے ایوانوں پر بٹھانے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ بلوچستان سیاسی بے یقینی، معاشی جمود، انتظامی مفلوجیت، بدامنی اور محرومیوں کے ایسے گرداب میں دھنس چکا ہے، جس کا خمیازہ براہ راست عوام بھگت رہے ہیں

بقیہ 28

میں ایک بار پھر حملوں میں تیزی آگئی ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دونوں جانب کے حملوں میں کم ازکم 16 افراد ہلاک ہوگئے۔ روس اور یوکرین دونوں نے اپنے اپنے علاقوں میں ہونے والی ہلاکتوں کی تصدیق کی ہے۔ یوکرین کے مطابق روسی حملوں میں شمالی مشرقی علاقے سومی، زاپوریژیا اور دنیپروپیٹرووسک میں کم ازکم 11 افراد مارے گئے، جن میں ایک 17 سالہ لڑکی بھی شامل ہے۔ دارالحکومت کیف میں بھی روسی حملے کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی ہوئے، جبکہ اس سے ایک روز قبل شہر میں ہونے والے حملے میں 7 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ دوسری جانب روس نے دعویٰ کیا کہ یوکرینی حملوں میں کراسنودار اور بیلگورود کے علاقوں میں 4 افراد ہلاک ہوئے

بقیہ 29

ہوئے 2,800 کلوگرام سے زائد منشیات قبضے میں لے لیں، جنگی عالمی منڈی میں مالیت 750 ملین امریکی ڈالر ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان نیوی سمندری حدود میں منشیات کی اسمگلنگ، غیر قانونی تجارت اور دیگر جرائم کی روک تھام کیلئے مسلسل نگرانی اور مؤثر کارروائی کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ بحیرہ عرب بین الاقوامی تجارت اور توانائی کی ترسیل کا اہم بحری راستہ ہے، اس لیے یہاں غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام علاقائی اور عالمی سلامتی سے براہ راست جڑی ہوئی ہے۔ پاک بحریہ کے افسران اور جوان کامیاب آپریشن پر مبارکباد کے لائق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک بحریہ صرف ملکی بحری مفادات کے تحفظ تک محدود نہیں بلکہ منظم جرائم اور منشیات کی بین الاقوامی اسمگلنگ کے سدباب میں بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کر رہی ہے۔ 750 ملین ڈالر مالیت کی منشیات کی ضبطی بڑی معاشی اور سماجی تباہی کو روکنے کے مترادف ہے

بقیہ 30

کے خلاف اقدامات پر بات چیت کی۔ ان کے بقول ان کوششوں کے نتیجے میں ایران کی ایئرلائنز اور بینکاری شعبے کے حوالے سے نئی پابندیاں اور رکاوٹیں سامنے آئی ہیں۔ امریکی وزیر خزانہ نے بتایا کہ ترکیہ اور عمان نے ایرانی نجی ایئرلائن ماہان ایئر کی پروازیں روک دی ہیں، جبکہ متحدہ عرب امارات نے ایرانی ایئرلائنز کی تمام پروازیں معطل کر دی ہیں۔ دبئی ایران کی ایئرلائنز کیلئے ایک اہم بین الاقوامی منزل رہا ہے، جہاں ایرانی مسافروں کی بڑی تعداد کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان کاروباری روابط بھی موجود ہیں۔ ایران کے بینکاری شعبے پر بھی دباؤ بڑھایا گیا ہے۔ حالیہ اقدامات کے تحت متحدہ عرب امارات کے مرکزی بینک نے ایران کے بینک ملی کی شاخوں میں آنے اور جانے والی بعض مالی لین دین کی سرگرمیاں روک دی ہیں، جبکہ ترکیہ نے ایرانی بینک ملت کے لائسنس سے متعلق بھی کارروائی کی ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ نے بتایا ہے کہ آپریشن اکنامک آٹ کاسٹ کے تحت ایرانی فضائی شعبے اور مالیاتی نیٹ ورکس کے خلاف متعدد پابندیاں عائد کی جا چکی ہیں

بقیہ 31

اور برآمدی قرضہ فراہم کرنے والے ادارے کے کردار کو درست طور پر نہیں سمجھا گیا۔ خرم شہزاد نے کہا ہے کہ حکومت نہ تو نجکاری کے بعد پی آئی اے کیلئے طیارے خرید رہی ہے اور نہ ہی اس مقصد کیلئے کسی حکومتی ضمانت یا ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے قرضے کا انتظام کر رہی ہے۔ دنیا کے کسی بھی EXIM بینک کی طرح، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کا بنیادی مقصد بھی اپنے ملک کی برآمدات اور روزگار کو فروغ دینا ہے۔ مشیر وزیر خزانہ نے کہا کہ بوئنگ طیارے امریکی برآمدات ہیں، امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک غیر ملکی خریداروں، بشمول فضائی کمپنیوں کو مالی معاونت فراہم کرتا ہے

بقیہ 32

رہنما ملک ابرار کی رہائش گاہ آمد پر آمد کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے رہنما ممبر سینٹرل ورکنگ کمیٹی حیدر خان اچکزئی، صوبائی ترجمان شاکر محمد حسنی، چیئرمین سوشل ویلفیئر کمیٹی حاجی وارث خان اچکزئی، صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹر نثار احمد خان اچکزئی، عمر خان کاکڑ، کمانڈر تاج محمد انڈر، ہمایوں خان کاکڑ، دوست محمد حلجی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ملک اور خاص کر بلوچستان کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں لیکن بعض جماعتیں ملک کو ترقی کرتا نہیں دیکھنا چاہتی ہیں اس لیے وہ وقتاً فوقتاً لانگ مارچ اور دھرنوں کا اعلان کرتی ہیں جو کسی بھی طرح ملک کے مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان کی ترقی و خوشحالی میں خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں

بقیہ 33

اراکین، پارٹی کے اراکین پارلیمنٹ اور بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین بوہیر بلوچ نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ملک اس وقت شدید سیاسی، معاشی اور انتظامی بحرانوں

میں گھرا ہوا ہے۔ بلوچستان اور خیبرپختونخوا کے حالات انتہائی کشیدہ ہیں، جبکہ ریاست کی رٹ کئی علاقوں میں نہایت کمزور ہو چکی ہے۔ سیاسی عمل میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں، میڈیا اور دیگر اداروں پر پابندیاں عائد ہیں، پارلیمنٹ اور دیگر جمہوری ادارے مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ انصاف کے ادارے بھی مؤثر انداز میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے نظر نہیں آ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی بڑی سیاسی و جمہوری جماعتیں بھی مختلف نوعیت کے سمجھوتوں کا شکار دکھائی دیتی ہیں، جس کے باعث ملک کو درپیش بنیادی مسائل کے سیاسی حل کیلئے مؤثر اور سنجیدہ کوششیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ طاقت کے ذریعے سیاسی اور سماجی مسائل حل کرنے کی حکمت عملی مسائل کو ختم کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ بنا رہی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں ریاستی پالیسیوں کے نتیجے میں ریاست اور عوام کے درمیان موجود خلیج مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس خلیج کو کم کرنے کے لیے طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی مکالمے، جمہوری عمل، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور عوام کے سیاسی، معاشی و قومی حقوق کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ 34

کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی بلکہ یہ اس وقت ایک اہم اور فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ انہوں نے ایرانی فوج کو مزید ممکنہ حملوں کیلئے تیار رہنے کی ہدایت بھی کی۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق امیر حاتمی نے ایک فوجی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران جنگ میں کامیاب رہا ہے، تاہم اس کامیابی کو مستحکم کرنا ضروری ہے۔ ان کے بقول مخالف فریق کو شدید نقصان پہنچا ہے، لیکن ایرانی فوج کو آئندہ کسی بھی ممکنہ حملے کا جواب دینے کیلئے تیار رہنا ہوگا۔

بقیہ 35

شپ پروگرام کے دوسرے بیچ کا حصہ ہیں۔ یہ پروگرام ضلع چاغی کے انٹرمیڈیٹ کے طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور انہیں پاکستان کی معروف جامعات میں داخلے کے لیے تیار کرنے کے مقصد سے شروع کیا گیا ہے۔ اسکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے ریکوڈک پروجیکٹ کے جنرل منیجر ریان چل نے طلبہ کو مبارکباد دی اور انہیں اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا، ''یہ صرف آپ کی ذاتی کامیابی نہیں بلکہ آپ کی کمیونٹیز اور خطے کی وسیع تر ترقی اور خوشحالی میں بھی کردار ادا کرے گی۔ یہ موقع آپ کے لیے ایک اہم ذمہ داری بھی ہے کہ آپ محنت اور لگن کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھیں، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں اور اپنی تعلیم اور صلاحیتوں کے ذریعے معاشرے میں مثبت اور تعمیری تبدیلی لانے میں اپنا کردار ادا کریں۔'' رائن چل نے آئی بی اے سکھر کے وائس چانسلر ڈاکٹر آصف شیخ اور ان کی ٹیم اور آرڈی ایم ایس کی سسٹین ایبلٹی ٹیم کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے مسلسل دوسری مرتبہ کامیابی سے فاؤنڈیشن پروگرام کا اہتمام کیا۔ آرڈی ایم سی کے سسٹین ایبلٹی منیجر اسٹیفن ہرب نے کمیونٹی کی ترقی میں علم کی اہمیت اور تبدیلی کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا، ''تعلیم مضبوط اور مشکلات کا مقابلہ کرنے والی کمیونٹیز کی بنیاد ہے۔ یہاں موجود ہر طالب علم نے اپنی محنت اور لگن سے یہ موقع حاصل کیا ہے، جبکہ ان کے خاندانوں اور کمیونٹیز نے تعلیم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے ان کی بھرپور معاونت کی ہے۔'' انہوں نے فاؤنڈیشن پروگرام کے پہلے بیچ کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ 2025 کے بیچ کے 42 طلبہ نے پاکستان بھر کی مختلف جامعات میں داخلہ حاصل کیا ہے، جو اس پروگرام کے مثبت اور مؤثر نتائج کی عکاسی کرتا ہے

بقیہ 36

سیاحت کو فروغ دے کر نہ صرف صوبے کے قدرتی و ثقافتی حسن کو ملکی اور عالمی سطح پر اجاگر کیا جاسکتا ہے بلکہ مقامی آبادی کے لیے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ سیاحت کے شعبے میں سرمایہ کاری سے مقامی معیشت کو مضبوط بنانے اور مختلف علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں بھی مدد مل سکتی ہے۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف سیاحتی مقامات کو جدید سہولیات سے آراستہ کرنے، انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے اور سیاحوں کو محفوظ و سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی مقامات کی ترقی میں مقامی آبادی کی شمولیت کو یقینی بنا کر انہیں سیاحت کے معاشی فوائد کا براہِ راست حصہ دار بنایا جا سکتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کا قدرتی حسن اور ثقافتی ورثہ صوبے کی قیمتی پہچان اور قومی اثاثہ ہے، جس کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 37

کے دشمنوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائیاں قابلِ فخر ہیں، دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز پوری بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں، بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہے کہ ریاست دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پوری قوت کے ساتھ موجود ہے، سیکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائیوں سے دہشت گرد نیٹ ورکس کو شدید نقصان پہنچا ہے، دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود کی برآمدگی سیکیورٹی فورسز کی مؤثر انٹیلی جنس اور کارروائیوں کا ثبوت ہے، حکومت بلوچستان اور بلوچستان کے عوام سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم متحد ہے

بقیہ 38

منشیات کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دو مختلف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 34 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پہلی کارروائی میں محمد عثمان خان ولد ارسلا خان، قوم سلیمان خیل، سکنہ میانوالی حال گلستان کو گرفتار کیا گیا ملزم گلستان سے کوئٹہ کی جانب چرس منتقل کر رہا تھا جس کی آلٹو گاڑی سے 30 کلو چرس برآمد ہوئی۔ دوسری کارروائی میں گل حسن ولد اعجاز، سکنہ سریاب روڈ کو گرفتار کر کے اس کے موٹر سائیکل میں خفیہ خانوں سے 4 کلو چرس برآمد کر لی گئی۔ نیو کچلاک پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بڑی کھیپ کو کوئٹہ پہنچنے سے پہلے ہی قبضے میں لے لیا، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 39

کو علاج کیلئے کوئٹہ سمیت دیگر شہروں کا رخ کرنا پڑتا تھا جس سے انہیں شدید مالی اور سفری مشکلات کا سامنا رہتا تھا۔ اب مقامی سطح پر ڈائیلاسز کی سہولت دستیاب ہونے سے مریضوں کو نہ صرف قیمتی وقت اور اخراجات دونوں کی بچت ہوگی بلکہ بروقت علاج کی فراہمی سے انسانی جانوں کے تحفظ میں بھی مدد ملے گی۔ عوامی حلقوں نے حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ زیارت کی جانب سے صحت کے شعبے میں اس اہم اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ مستقبل میں بھی عوام کو مزید جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 40

ٹورازم بلوچستان گہرام بخشی بلوچ، محکمہ کلچر اینڈ ٹورازم کے اعلیٰ حکام، متعلقہ اداروں کے نمائندگان اور سول سوسائٹی کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب میں بلوچستان کے وسیع سیاحتی امکانات، تاریخی ورثے اور قدرتی حسن کو قومی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 41

وائس چیئرمین سندھ، رانا محمد طارق وائس چیئرمین خیبر پختونخواہ، انجینئر پرویز خان وائس چیئرمین بلوچستان اور انجینئر عطاء اللہ خان وائس چیئرمین اسلام آباد بلامقابلہ منتخب ہوئے کارپوریٹ کلاس سے مرغوب شاکر اظہار، انجینئر کمال ناصر خان، زاہد الحسن قریشی، چوہدری صابر حسین جاوید، ملک محمد ریاض خان، فیصل محمود، انجینئر سید اشفاق حسین شاہ، انجینئر عبدالصمد خان، محمد سلیم، رانا محمد ابراہیم، انجینئر اصغر علی یمین محمد قاسم اور ایسوسی ایٹ کلاس سے محمد سطوت خان، چوہدری خلیق احمد اعوان، حاجی تفصور سعید بٹ، خالد مجید، عبدالوحید چیمہ، شاہد منصور، رضوان حسن، ملک محمد عظیم اللہ، ملک اصغر ندیم بلامقابلہ ایگزیکٹو ممبر منتخب ہو گئے ہیں اور خواتین کی مخصوص نشست پر طاہر سلیم بلامقابلہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر منتخب ہوئی ہیں۔

بقیہ 42

اور قبائلی و سیاسی رواداری کے صریحاً منافی قرار

بقیہ 43

دیا۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے اور سیاسی اختلاف اپنی جگہ، مگر کسی کی رہائش گاہ پر فائرنگ جیسے اقدامات کسی بھی مہذب اور باوقار معاشرے میں قابلِ قبول نہیں۔ ایسے واقعات سے نہ صرف امن و امان متاثر ہوتا ہے بلکہ معاشرے میں خوف اور بداعتمادی کو بھی فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

موصول ہوئی تھی کہ ہرنائی تا سنجاوی روڈ کے ذریعے منشیات منتقل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جس پر ایس ایچ او لیویز انسپکٹر ملک حبیب اللہ ترین کی قیادت میں ایک فعال پولیس ٹیم تشکیل دی گئی، جس میں حوالدار گل زمان، اہلکار نجیب اور دیگر جوان شامل تھے۔ پولیس ٹیم نے مذکورہ شاہراہ پر ناکہ بندی اور سخت چیکنگ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے مشکوک شخص کو دھر دبوچا۔ تلاشی لینے پر ملزم کے قبضے سے گراں مقدار میں آئس برآمد ہوئی، جس پر پولیس نے ملزم کو فوراً حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا اور اس کے خلاف باقاعدہ ایف آئی آر (FIR) درج کر لی گئی اس موقع پر ایس ایچ او انسپکٹر ملک حبیب اللہ ترین نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں کسی بھی صورت منشیات فروشی کی اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 44

پر بھی فائرنگ گاڑیوں کے ٹائر برسٹ ہونے اور شیشے ٹوٹنے سے چار افراد معمولی زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق بختیار آباد اور سبی کے درمیانی علاقے مٹھڑی کے قریب نا معلوم مسلح درجنوں ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر ناکہ لگا کر متعدد چھوٹی بڑی گاڑیوں کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں و دیگر سامان لوٹ لیا جبکہ مسلح ڈاکوؤں نے گاڑیوں پر فائرنگ بھی کی جس سے گاڑیوں کے ٹائر برسٹ اور شیشے ٹوٹنے سے دو ڈرائیور سمیت چار افراد معمولی زخمی ہو گئے واردات کے بعد ڈاکو باآسانی فرار ہو گئے لٹنے والے زیادہ تر مسافروں کا تعلق نصیرآباد ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد صحبت پور ڈیرہ اللہ یار اور جیکب آباد سے ہے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ کر علاقے کا گھیراؤ کر کے مسلح ڈاکوؤں کی تلاش شروع کر دی گئی۔

بقیہ 45

مقررہ نرخوں سے زائد قیمتوں پر فروخت کی جا رہی ہیں، جس سے محدود آمدنی رکھنے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، شہریوں کے مطابق دکانداروں کی جانب سے من مانے نرخ وصول کیے جانے کی شکایات کے باوجود مؤثر نگرانی، باقاعدہ نرخ چیکنگ اور کارروائی کا فقدان محسوس کیا جا رہا ہے، پرائس کنٹرول کمیٹی کی طویل عرصے سے غیر فعالیت نے گدر کے بازار میں منافع خور عناصر کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے، جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے دب کر رہ گیا ہے، شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر بازار کی نگرانی اور سرکاری نرخوں پر عمل درآمد کی ذمہ داری متعلقہ اداروں کی ہے تو گزشتہ ایک سال کے دوران گدر اور مضافاتی علاقوں میں مؤثر کارروائی کیوں نظر نہیں آئی؟

بقیہ 46

قوم کی بیٹیوں کو نامناسب انداز میں رقص کرانے یا ان کی عزت و وقار کو مجروح کرنے کے عمل کو ثقافت کا نام دینا نہ صرف ہماری تہذیبی اقدار کے منافی ہے بلکہ قومی ثقافت کے حقیقی تشخص کو مسخ کرنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان میں آباد تمام اقوام کی اپنی اپنی روایات اور ثقافتی خصوصیات ضرور ہیں، تاہم حیا، غیرت، شرافت، رواداری، احترام انسانیت اور مہمان نوازی وہ مشترکہ اقدار ہیں جو اس خطے کی اجتماعی تہذیبی شناخت کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کے نام پر اخلاقی حدود پامال کرنا باعثِ شرم اور ہماری تہذیبی اقدار کی توہین ہے۔ رقص و سرود اور فحاشی کو ثقافت سے جوڑنا ہماری صدیوں پر محیط روایات، اقدار اور تہذیبی ورثے کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ثقافت وہی ہے جو معاشرے کی مثبت اقدار، تہذیبی روایات اور اجتماعی شناخت کو اجاگر کرے نہ کہ حیا، وقار اور اخلاقی حدود کو مجروح کرے۔

بقیہ 47

ایسوسی ایشن کسی فرد یا ادارے کے خلاف نہیں بلکہ ٹھیکیداروں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت مختلف محکموں میں من پسند ٹھیکیداروں کو نوازنے کا نوٹس لے اور محکمہ پی ایچ ای کوئٹہ ڈویژن کے 80 کروڑ کے ٹینڈر 2 ٹھیکیداروں کو دینے کا نوٹس لے اور انرجی ڈیپارٹمنٹ کے بعض حالیہ ٹینڈروں میں ورک آرڈرز پر ٹھیکیدار برادری کے تحفظات کو دور کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائیں بصورت دیگر آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو ایسوسی ایشن کے رہنماؤں صلاح الدین کبزئی، سرور جان مندوخیل، محمد ادریس جان لانگو، سراج خان کاکڑ، میر بیروز ملازئی، سمیع اللہ کاکڑ، حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، میر ابرار ریکسانی، میر عدنان لہڑی، میر سلیم بنگلزئی، صاحبزادہ بسم اللہ خان اور دیگر مختلف اضلاع کے عہدیداروں کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر آکشن ٹھیکیداروں کے سربراہ محمد خان کی سربراہی میں آکشن ٹھیکیداروں نے باقاعدہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن میں شمولیت کا اعلان کیا۔

بقیہ 48

ہوئی پلیوں اور سڑک پر موجود پتھروں مٹی کے باعث سفر کے دوران حادثات کا خدشہ ہے، جبکہ شدید گرد و غبار کے باعث بعض مقامات پر سامنے سے آنے والی ٹریفک واضح دکھائی نہ دینے سے صورتحال مزید خطرناک ہو سکتی ہے۔ مسافروں، بالخصوص موٹر سائیکل سواروں سے اپیل کی گئی ہے کہ رفتار کم رکھیں، غیر ضروری اوورٹیکنگ اور تیز رفتاری سے گریز کریں اور رات کے اوقات میں اضافی احتیاط برتیں۔ اجتماع میں شرکت بلاشبہ باعث سعادت ہے، تاہم اپنی اور دیگر مسافروں کی جانوں کی حفاظت بھی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ 49

اور بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے، گنداخہ شہر میں ترقیاتی سرگرمیوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا، اس حوالے سے چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین اور سینئر صحافی فرید احمد عمرانی سے ٹیلیفونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ شہر کی تعمیر و ترقی اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی بجٹ اور دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے شہر کی مختلف گلیوں میں سیوریج اور نالیوں کی بحالی کا کام مرحلہ وار جاری رکھا جائے گا

بقیہ 50

میں نامعلوم مسلح موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے قبائلی رہنما میر نوریز خان عمرانی اور انکے محافظ عرف محمد کھوسہ کو جاں بحق جبکہ ایک شخص کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے بتایا کہ نامعلوم موٹرسائیکل سواروں نے قبائلی رہنما کو اسوقت نشانہ بنایا جو وہ ایک دعوت سے واپس آرہے تھے جاں بحق ہونے والے قبائلی رہنما نوریز خان عمرانی صوبائی مشیر لیبر اینڈ پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی کے کزن بتائے جاتے ہیں

بقیہ 51

سماجی نمائندوں اور قبائلی عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے۔ انتظامی فیصلے سیاسی یا انتخابی مفادات کی بجائے جغرافیائی حقائق کی بنیاد پر کیے جائیں۔ موسیٰ خیل کی صوبائی اسمبلی نشست انتخابات سے قبل بحال کر کے راڑہ شم اور اندر پڑ کو فوری طور پر ضلع موسیٰ خیل انتظامی میں واپس لایا جائے۔ بصورت دیگر آئینی قانونی حقوق کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ اس موقع پر دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ موسیٰ خیل ایک تاریخی، قبائلی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والا ضلع ہے

بقیہ 52

ہے، کوئی تجارتی کاروبار نہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے طبی خدمات کو ریٹیل تجارت کے زمرے میں شامل کرنا، نجی ہسپتالوں پر پوائنٹ آف سیل (POS) نظام زبردستی مسلط کرنا، بھاری جرمانے عائد کرنا اور طبی اداروں پر چھاپے مارنا ناقابل قبول ہے۔ ڈاکٹروں اور نجی طبی مراکز کو لاکھوں روپے جرمانے کے نوٹس جاری کرنا کھلی ہراسانی ہے، جس کی ہم شدید مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے

سے صوبے کے نجی ڈاکٹروں اور کلینکس پر عائد کیا گیا ٹیکس بھی سراسر ناانصافی ہے، جسے پی ایم اے بلوچستان یکسر مسترد کرتی ہے۔ ایک طرف وفاقی سطح پر طبی برادری کو دباؤ میں لایا جا رہا ہے اور دوسری طرف صوبائی سطح پر اضافی ٹیکس کا بوجھ ڈالا جا رہا ہے، جو ناقابل برداشت ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ڈاکٹرز اور نجی طبی ادارے پہلے ہی باقاعدگی سے انکم ٹیکس ادا کر رہے ہیں اور ملک کی صحت کی ضروریات کا بڑا حصہ پورا کر رہے ہیں۔ ان ٹیکسز کا سب سے بڑا نقصان عوام کو ہوگا، کیونکہ ہر ٹیکس کا بوجھ بالآخر مریض پر منتقل ہوتا ہے۔ بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے میں، جہاں عوام پہلے ہی علاج معالجے کی سہولیات کے لیے مشکلات کا شکار ہیں

بقیہ 53

تعلیمی سامان کے استعمال کا جائزہ لینا تھا۔ معائنے کے دوران اسکول کے مختلف تدریسی و انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بالخصوص اس امر کا مشاہدہ کیا گیا کہ کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تعلیمی و تدریسی سامان کو طلبہ کی تعلیمی ضروریات کے تحت کس حد تک مؤثر، مناسب اور باقاعدہ طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن جناب محمد جمن پہنور نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ تمام تعلیمی وسائل اور سہولیات کو بھرپور طریقے سے بروئے کار لاتے ہوئے درس و تدریس کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے اور طلبہ کو ایک سازگار، مؤثر اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ تعلیمی اداروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور وسائل کا بنیادی مقصد طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی، ان کی تعلیمی استعداد میں اضافہ اور تعلیمی نتائج میں بہتری لانا ہے۔

بقیہ 54

آگ پر فوری قابو نہ پایا گیا تو اس کے نتیجے میں مزید وسیع علاقے کے قیمتی جنگلات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ضلع زیارت کی یونین کونسل کچھ کے پہاڑی علاقے فیلہ میں صنوبر کے انتہائی گھنے جنگلات موجود ہیں، جہاں گزشتہ چار روز سے آگ لگی ہوئی ہے اور اب تک ہزاروں نایاب اور قیمتی درخت آگ کی لپیٹ میں آ کر جل چکے ہیں۔ اس کے باوجود حکومت اور متعلقہ محکموں کی جانب سے آگ بجھانے اور اسے مزید پھیلنے سے روکنے کیلئے تاحال مؤثر اور عملی انتظامات سامنے نہیں آئے، جو انتہائی تشویشناک امر ہے۔ خشک موسم اور تیز ہواؤں کے باعث آگ مزید وسیع علاقے میں پھیلنے کا شدید خدشہ ہے، جس سے صنوبر کے نایاب جنگلات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا ہے کہ فیلہ کے علاقے میں صنوبر کے جنگلات صوبے کے قدرتی ماحول، حیاتیاتی تنوع اور ماحولیاتی توازن کیلئے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ نایاب جنگلات نہ صرف زیارت کی قدرتی خوبصورتی اور شناخت کا حصہ ہیں بلکہ ان کا ماحولیاتی کردار بھی انتہائی اہم ہے۔

بقیہ 55

بھاگ ناڑی کی حدود جلال خان بازار میں نامعلوم مسلح ڈاکو دن دھاڑے ہندو تاجر تن کمار سے لاکھوں روپے نقدی لوٹ لی مسلح ڈاکوؤں نے بازار میں ہوائی فائرنگ بھی کی جس سے عوام میں سخت خوف و ہراس پھیل گیا واردات کے بعد مسلح ڈاکو فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 56

میں کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن میں پولیس مقابلے کے نام پر قتل کیا گیا، جبکہ بعد ازاں ریاستی تحقیقات میں نقیب اللہ محسود و دیگر افراد کے خلاف کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہ ملنے اور نقیب اللہ کو بادی النظر میں جعلی پولیس مقابلے میں قتل کیے جانے کی نشاندہی کی گئی۔ پارٹی نے کہا کہ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کی رپورٹ میں سابق ایس ایس پی ملیر راؤ انوار کو نقیب اللہ محسود کے ماورائے عدالت قتل کا ذمہ دار قرار دیا گیا تھا، جس کے باوجود برسوں بعد مقدمے کے تمام نامزد ملزمان کا بری ہو جانا کئی اہم قانونی اور ریاستی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ پارٹی نے کہا کہ جب ریاستی تحقیقاتی اداروں کی رپورٹ میں ایک شہری کے قتل کو ماورائے عدالت قتل قرار دیا گیا، مقتول کے خلاف کوئی مجرمانہ ریکارڈ موجود نہ ہونے کی نشاندہی ہوئی اور ایک پولیس افسر کے کردار کے حوالے سے سنگین نتائج سامنے آئے تو ان تحقیقات کے بعد عملی انصاف کیوں یقینی نہیں بنایا گیا۔

بقیہ 57

معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو سنجیدہ اور ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا، کیونکہ پاکستان مزید بحرانوں اور سیاسی کشیدگی کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات جمہوری نظام کا حصہ ہیں، تاہم اختلاف رائے کو دشمنی اور محاذ آرائی میں تبدیل کرنے کے بجائے آئینی اور جمہوری طریقہ کار کے تحت حل کیا جانا چاہیے۔ ملک میں سیاسی استحکام ہوگا تو معاشی سرگرمیوں میں بہتری، سرمایہ کاری کے فروغ اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بہتر ماحول پیدا ہوگا۔ سید ماں شاہ اور پروفیسر ڈاکٹر حلیم نے کہا کہ موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قومی مفاد کو ترجیح دیتے ہوئے ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں

بقیہ 58

قبائلی رہنماء پرنس رحمت اللہ مینگل تھے جنھوں نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لئے نقد 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کر دیا ریفری کے فرائض عبدالوحید نوتیزئی نے سر انجام دیئے اناؤنسر الٰہی بخش سالانی جبکہ بورڈ اسکورر صوفی عطاءاللہ آچش تھے

بقیہ 59

گردی اور جرائم کی وارداتوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مند کے عوام پرامن، محب وطن اور ترقی پسند شہری ہیں، جو اپنے علاقے میں پائیدار امن، خوشحالی اور ترقی چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان کا قیام کسی بھی علاقے کی ترقی کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے دہشت گردی اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی۔ انہوں نے پولیس پر زور دیا کہ جرائم کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے نبھائے۔ میر فدا حکیم رند نے قیام امن کے لیے پاک فوج، ایف سی اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ امن کے لیے سیکیورٹی فورسز نے بے شمار قربانیاں دی ہیں، جنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے

بقیہ 60

اور ایک تیاری ہوتی ہے آج پاکستان میں نہ وہ ماحول موجود ہے، نہ کوئی آئینی، انتظامی اور عوامی تیاری ہے یہ محض چند لوگوں کی ذاتی خواہش ہے جسے زبردستی قوم پر مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ نئے صوبوں کی آڑ میں اصل مقاصد کیا ہیں؟ جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے نزدیک اس کے دو بڑے محرکات ہیں اٹھارویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کو رول بیک کرنا: اٹھارویں آئینی ترمیم میں یہ طے ہوا تھا کہ قومی محصولات میں صوبوں کے حصے میں اضافہ تو کیا جاسکتا ہے مگر کمی نہیں کی جاسکتی۔ جب یہ طے ہوا تھا تو صوبوں کا حصہ تقریباً 49 فیصد تھا، جو بڑھتے بڑھتے آج 56 سے 57 فیصد تک پہنچ چکا ہے۔ مرکز میں بیٹھی قوتیں اس آئینی تحفظ کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔ صوبوں کو ٹکڑے کر کے نیا این ایف سی ایوارڈ تشکیل دینا چاہتی ہیں تاکہ صوبوں کو مالی طور پر کمزور اور مرکز کو مزید طاقتور بنایا جاسکے۔ صوبائی معدنی وسائل پر قبضہ: اٹھارویں ترمیم کے تحت صوبوں کے اندر موجود تمام معدنی ذخائر صوبوں کی ملکیت ہیں اور ان پر وہاں کے عوام کا حق تسلیم کیا گیا ہے

بقیہ 61

شاندار اور دلچسپ میچ شہید فیض اللہ جان کلب شادی شیف بمقابلہ دفعدار یوسف جان تجرانی کلب دالبندین کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین اسٹروکس کھیل کر شائقین سے خوب داد وصول کی مگر ایک دلچسپ مقابلے کے بعد شہید فیض اللہ جان کلب شادی شیف نے جیت لیا آج کے دلچسپ میچ کے مہمان خاص گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول قلی ملک خدائے رحیم دالبندین کے ہیڈ ماسٹر نذر حسین سالانی تھے ہیڈ ماسٹر اشلین کلی کریم عبدالغفار سنگرانی، سینئر ہیڈ ماسٹر ملک رسول بخش سالانی دالبندین عالمگیر خان، سابقہ ہیڈ ماسٹر حاجی فیض محمد محمد حسنی سمیت دیگر بھی ان کے ہمراہ موجود تھے

بقیہ 62

عظمت و حرمت اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کے حوالے سے اظہار خیال کیا، اس موقع پر دیگر مقررین میں ضلع سوراب کے سرپرست مولانا محمد قاسم فاروقی صاحب، ضلع سوراب کے صدر ڈاکٹر عبدالواحد صاحب اور فنانس سیکرٹری مفتی عبدالناصر عثمانی صاحب شامل تھے، جنہوں نے اپنے خطابات میں حرمین شریفین کے تقدس اور مسلمانوں کی مذہبی وابستگی کو اجاگر کیا، مقررین نے اپنے خطاب کے دوران حوتی قیادت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں

بقیہ 63

ڈاکٹر فہیم اتمانخیل، ڈاکٹر زین اللہ، دیگر ڈاکٹرز، طبی عملہ اور ہسپتال انتظامیہ بھی موجود تھی۔ افتتاح کے موقع پر ہسپتال انتظامیہ اور متعلقہ ڈاکٹرز نے حاجی محمد خان طور اتمانخیل کو چیف منسٹر ہیلتھ انیشیٹو پروگرام کے تحت فراہم کی جانے والی سہولیات، پروگرام کے اغراض و مقاصد اور مریضوں کو درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر بلڈ پریشر اور شوگر کے مریضوں کی بروقت تشخیص، طبی معائنہ، علاج اور عوام میں بیماریوں سے متعلق آگاہی کی اہمیت پر بھی روشنی ڈالی گئی۔ حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کہا کہ بلڈ پریشر اور شوگر ایسی بیماریاں ہیں جن کی بروقت تشخیص اور مسلسل طبی نگرانی نہایت ضروری ہے۔

بقیہ 64

ان کے خاندان کے 5 شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیے گئے تھے۔ جن کی بحالی کیلئے انہوں نے متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے اور ثبوت پیش کیے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کیلئے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔

بقیہ 65

کے تمام طلبہ میں نئے جوتے تقسیم کیے، جس پر بچوں نے خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مختلف سرگرمیوں اور تقریری مقابلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ جی اوسی گوادر نے بچوں کو دل لگا کر تعلیم حاصل کرنے، محنت کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کی تلقین کی، جبکہ اساتذہ کی تعلیمی، تربیتی اور کردار سازی کے حوالے سے خدمات کو بھی سراہا۔

بقیہ 66

معصوم علی شاہ کو کابینہ میں شامل کیا گیا۔ اس موقع پر نومنتخب صدر حاجی عبدالقدیر قریشی کو حاجی محمد یوسف بنگلزئی، چھمہ خان رڈ اور عثمان ادبی کی جانب سے بلوچی پگڑی پہنائی گئی اور انہیں نئی ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔ بعدازاں گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیرآباد کے تمام نومنتخب عہدیداران سے حلف بھی لیا گیا۔ تقریب سے پریس کلب نصیرآباد کے صدر و شہری ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکریٹری عبدالرزاق بنگلزئی، نصیرآباد کے معروف گورنمنٹ کنٹریکٹر حاجی یوسف بنگلزئی، حاجی محمد یوسف جتک، میرگل حسن پھکو، عثمان ادبی، ایپکا نصیرآباد کے بابو برکت گولہ، انجمن تاجران کے صدر تاج بلوچ، اشرف جتک، انجمن تاجران کے رہنما لیاقت چلھڑا مددرڈ سمیت مختلف سیاسی، سماجی، کاروباری شخصیات اور گورنمنٹ کنٹریکٹرز نے نومنتخب صدر اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد پیش کی

بقیہ 67

میڈیا فورم اب میڈیا پرسنز کی ایک مضبوط اور نمائندہ تنظیم بن چکا ہے، جس کے 10 نکاتی مطالبات کو بلوچستان بھر کے صحافیوں اور میڈیا سے وابستہ افراد کی بھرپور حمایت اور اعتماد حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحافیوں اور میڈیا پرسنز کو درپیش مسائل کے حل، حقوق کے تحفظ اور میڈیا سے وابستہ کارکنوں کی فلاح و بہبود کیلئے بلوچستان میڈیا فورم کی جدوجہد قابل تحسین ہے۔ حکومت فورم کے 10 نکاتی مطالبات پر فوری طور پر سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے عملی اقدامات کرے تاکہ صحافیوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن بنایا جاسکے

بقیہ 68

اپنے ایک تعزیتی بیان میں گورنر بلوچستان نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی۔ انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی، یکجہتی اور غمزازی کا اظہار کیا

بقیہ 69

نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر احمد، صدر ایف پی سی سی عاطف اکرام شیخ اور نائب صدر ایف پی سی سی سندھ بلال خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے آغاز پر چیمبر آف کامرس شکارپور کے صدر محترم ریاض محمود شیخ صاحب اور سینئر نائب صدر لالا سرفراز پٹھان نے معزز مہمانوں کو سندھ کی روایتی ثقافتی پہچان اجرک اور ٹوپی کے تحائف پیش کیے۔ پیٹرن ان چیف ایف پی سی سی ایس ایم تنویر نے نومنتخب صدر محترم ریاض محمود شیخ صاحب، سینئر نائب صدر لالا سرفراز پٹھان، نائب صدر بیک کمار اور دیگر عہدیداران سے ان کے عہدے کا حلف لیا۔ حلف برداری کی اس تقریب میں شکارپور شہر کی مختلف تجارتی، کاروباری، سیاسی، سماجی اور قبائلی شخصیات نے خصوصی شرکت کی

بقیہ 70

چلنے والے افراد کو مشکلات کا سامنا ہے، اہم شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں پر حد نگاہ کم ہونے سے حادثات کے خدشات میں بھی اضافہ ہو گیا ہے، مقامی شہریوں نے ڈرائیورز سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور تیز رفتاری سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے، جبکہ متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گرد و غبار کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر نظر رکھی جائے

بقیہ 71

جانب سے حضرت علامہ عبدالرحیم شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ کے اعزاز میں خصوصی پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی صورتحال اور مختلف سماجی و دینی معاملات پر خوشگوار ماحول میں گفتگو ہوئی۔ وڈیرہ عبدالکریم بھر نے معزز مہمان کی آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف آوری پر دلی مسرت کا اظہار کیا۔

بقیہ 72

سہولت کیلئے ایم پی ایس (MPS) ٹیوشن سینٹر کا بھی افتتاح کیا گیا، جس میں کمپیوٹر کی تعلیم اور سی ایس ایس کی تیاری سمیت دیگر جدید تعلیم دی جائے گی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا، جس کے بعد نامور نعت خوانوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں نعتیں اور سلام پیش کر کے حاضرین کے دلوں کو منور کیا۔ تقریب میں نئے قائم ہونے والے سینٹر کے اساتذہ جلیل جروار، منصور مصطفیٰ کھوڑو، رفیق قاضی سمیت شہر کی معزز شخصیات ریٹائرڈ استاد عبدالرحمٰن سپڑو، عبدالرحمٰن سوائی، انجینئر اختیار جونیجو، ایکس مین سروس سوسائٹی کے رہنماؤں ضلع لاڑکانہ کے جنرل سیکریٹری انعام صادق بھٹو، کیپٹن عبدالرزاق، منور علی کوریجو، جاوید احمد، لیاقت کھوکھر، نثار جروار، نصیر ابڑو سمیت شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 73

کا واضح اظہار ہے کہ عوام پارٹی کی پالیسیوں اور جدوجہد پر اعتماد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف قبائل اور سیاسی شخصیات کی جوق در جوق شمولیت سے مظلوم عوامی تحریک مزید مضبوط اور منظم ہوگی۔ حاجی صادق خان اچکزئی نے کہا کہ مظلوم عوامی تحریک پاکستان مظلوم و محکوم عوام کی جماعت ہے اور عوام کے بنیادی حقوق، عزت، وقار اور حقیقی نمائندگی کیلئے سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 74

مہمان خصوصی ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر محمد حسین بلیدی تھے، جبکہ مختلف شعبہ جات کے سربراہان، فارمیسی، نرسنگ اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ ہیڈ آف فارمیسی سروسز ڈاکٹر محمد مقدس بلال نے عالمی یوم فارماسسٹ کے حوالے سے خصوصی پریزنٹیشن دی

ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سکھر میں فاؤنڈیشن پروگرام کیلئے طلباء میں مکمل فنڈڈ اسکالرشپس تقسیم کی جارہی ہے

کچلاک پولیس کی دو مختلف کارروائیاں 2 ملزمان گرفتار 34 کلوگرام سے زائد چرس برآمد

نیو کچلاک پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بڑی کھیپ کو کوئٹہ پہنچنے سے پہلے ہی قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) کچلاک پولیس نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران 2 ملزمان کو گرفتار کرکے 34 کلوگرام سے زائد چرس برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی ہدایات پر ایس پی صدر شفقت امیر جنجوعہ کی نگرانی میں ڈی ایس پی کچلاک عابد جدون اور ایس ایچ او عبدالحئی گرانی کی سربراہی میں نیو کچلاک پولیس نے (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چاغی کے 55 طلبا ریکوڈک مائننگ کمپنی کا فاؤنڈیشن اسکالرشپ حاصل کرنے میں کامیاب

ہم نوجوانوں کے لیے تعلیمی مواقع پیدا کر رہے ہیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدل سکیں

کامیاب طلبہ آر ڈی ایم سی اسکالرشپ پروگرام کے دوسرے بیچ کا حصہ ہیں، ڈاکٹر آصف شیخ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ریکوڈک مائننگ کمپنی (RDMC) نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (IBA) سکھر میں فاؤنڈیشن پروگرام کے لیے مکمل فنڈڈ اسکالرشپ حاصل کرنے والے ضلع چاغی کے 55 طلبہ کو ریکوڈک منصوبے کی سائٹ پر اسکالرشپ ایوارڈ کی تقریب [illegible] جس میں طلبہ، والدین، کمیونٹی کے نمائندگان اور آر ڈی ایم سی کے [illegible] (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

بے گناہ مزدوروں کو نشانہ بنانا افسوسناک ہے، سردار عبدالرحمٰن

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن نے دکی کے علاقے میں سڑک کی تعمیر پر مامور کارکنوں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی گارڈ کی شہادت اور تعمیراتی کارکنوں کے اغوا کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل، باقاعدہ سروس کا آغاز

ڈائیلاسز مشین کی فراہمی سے ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو بڑی سہولت میسر آ گئی ہے

زیارت (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق کے محکمہ صحت بلوچستان نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال زیارت میں ڈائیلاسز مشین کی تنصیب مکمل کرکے باقاعدہ سروس کا آغاز کردیا ہے۔ ڈائیلاسز مشین کی فراہمی سے ضلع زیارت اور گردونواح کے گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو بڑی سہولت میسر آ گئی ہے۔ اس سے قبل مریضوں (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، سینیئر صحافی ظاہر خان ناصر سے ان کے بھائی کی وفات پر ایم این اے سردار یعقوب ناصر اور پارلیمانی سیکریٹری محمد خان لہڑی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیرِ اہتمام عالمی یومِ سیاحت کے موقع پر تقریب

بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور ثقافتی تنوع کے اعتبار سے ملک کے منفرد صوبوں میں شامل ہے' گہرام بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ میر زرین خان مگسی اور سیکریٹری کلچر و سیاحت حمید اللہ خان ناصر کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ٹورازم بلوچستان کے زیرِ اہتمام عالمی یومِ سیاحت کے موقع پر اہم تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا مقصد بلوچستان کے شاندار ثقافتی و تاریخی ورثے، قدرتی حسن اور وسیع سیاحتی امکانات کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ صوبے میں سیاحت کے فروغ کیلئے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنانا تھا۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈائریکٹر (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

شیخ طارق نذیر بلا مقابلہ چیئرمین کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان برائے سال 2026-2028 منتخب

کوئٹہ (این این آئی) کنسٹرکٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے سالانہ الیکشن میں شیخ طارق نذیر بلا مقابلہ چیئرمین برائے سال 2026-2028ء منتخب ہوگئے ہیں۔ جبکہ سید محمد نعیم کاظمی سینئر وائس چیئرمین، چوہدری عامر مجید وائس چیئرمین پنجاب، انجینئر محمد کامران کاظمی (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، انجینئر حمید بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) انجینئر حمید بلوچ نے نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے نہ صرف [illegible] (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل میر عبدالسلام لانگو، ملک مجیب مہترزئی اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

ہرنائی' کسی صورت منشیات فروشی کی اجازت نہیں دی جائے گی' حبیب اللہ ترین

منشیات ایک سماجی لعنت ہے جو ہماری نوجوان نسل کو تباہ کر کے معاشرے کی جڑیں کھوکھلی کر رہی ہے

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں منشیات کے خاتمے اور علاقے کو امن وامان کا گہوارہ بنانے کیلئے پولیس کی جانب سے کارروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔ ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھکرانی کی خصوصی ہدایت پر ڈیلکونہ پولیس نے ہرنائی تا سنجاوی روڈ پر ایک بڑی اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے خطرناک منشیات (آئس) کی سمگلنگ میں ملوث ایک منشیات فروش کو موقع پر ہی گرفتار کرکے اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا آغاز کر دیا ہے ڈیلکونہ پولیس کو خفیہ اطلاع (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

سبی' نامعلوم مسلح ڈاکو مسافروں سے لاکھوں روپے، موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار

مسافروں کا تعلق نصیر آباد ڈیرہ مراد جمالی اوستہ محمد صحبت پور ڈیرہ اللہ یار اور جیکب آباد سے ہے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سبی اور بختیار آباد کے درمیانی علاقے این اے 65 قومی شاہراہ پر درجنوں مسلح ڈاکوؤں کی ناکہ بندی [illegible] کے مسافروں سے لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون گھڑیاں دیگر سامان چھین لیا [illegible] (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کا قدرتی حسن اور ثقافتی رنگ صوبے کی قیمتی پہچان ہیں، نوابزادہ فیصل جمالی

صوبے کی ترقی وخوشحالی کے ساتھ ساتھ بلوچستان کا مثبت اور خوبصورت تشخص دنیا کے سامنے مزید نمایاں کیا جا سکتا ہے

بلوچستان یوم سیاحت پائیدار سیاحت کے فروغ سے روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

گنداخہ (نامہ نگار فرید احمد) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے بلوچستان یومِ سیاحت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی ورثے اور منفرد ثقافت سے مالا مال صوبہ ہے، جہاں طویل ساحلی پٹی، دلکش پہاڑی سلسلے، تاریخی مقامات اور قدیم ثقافتی روایات سیاحوں کے لیے خصوصی کشش کا باعث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

گدر سمیت مضافاتی علاقوں میں منافع خوری عروج پر، پوچھنے والا کوئی نہیں

پرائس کنٹرول کمیٹی گزشتہ ایک سال سے غیر فعال، گدر کے عوام بے یار و مددگار

سوراب (سراج ریکی) گدر سمیت گردونواح کے مضافاتی علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں من مانے اضافے اور مبینہ منافع خوری کا سلسلہ بدستور جاری ہے، جبکہ عوامی شکایات کے ازالے اور بازاروں میں سرکاری نرخ ناموں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے قائم پرائس کنٹرول کمیٹی گزشتہ ایک سال سے غیر فعال ہونے کے باعث صورتحال مزید سنگین ہوتی جا رہی ہے، گدر کے بازار میں اشیائے خورونوش سمیت روزمرہ استعمال کی مختلف اشیا مبینہ طور پر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما محافظ سمیت جاں بحق، ایک شخص زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے قبائلی رہنما میر نوریز خان عمرانی اپنے محافظ سمیت جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو نصیر آباد کے علاقے تمبو بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

شہر کی مختلف گلیوں میں سیوریج نظام کی بہتری سے نہ صرف گندے پانی کی نکاسی میں آسانی ہوگی

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کے بلدیاتی بجٹ سے گنداخہ سٹی کی مختلف گلیوں میں سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کی بحالی کا کام جاری ہے، میونسپل کمیٹی کی جانب سے گلیوں میں نالیوں کی صفائی، بحالی اور ضروری تعمیر و مرمت کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جس کا مقصد شہریوں کو نکاسی آب کے درپیش مسائل سے نجات دلانا (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کے بلدیاتی بجٹ سے گنداخہ سٹی کی مختلف گلیوں میں سیوریج اور نکاسی آب کے نظام کی بحالی کا کام جاری ہے

موسیٰ خیل ایک تاریخی، قبائلی اور جغرافیائی شناخت رکھنے والا ضلع ہے، سردار عیسیٰ موسیٰ خیل

کوئٹہ (این این آئی) ضلع موسیٰ خیل قومی اتحاد کے رہنماؤں سردار عیسیٰ خان موسیٰ خیل اور سردار بہادر خان موسیٰ خیل نے موسیٰ خیل کو لورالائی ڈویژن سے الگ کرکے کوہ سلیمان ڈویژن میں شامل کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے کسی بھی انتظامی تبدیلی سے قبل عوام، سیاسی و (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

حیا، غیرت اور مہمان نوازی یہاں کی مشترکہ تہذیبی اقدار ہیں' مولانا رفیق

رقص وسرور اور فحاشی کو ثقافت سے جوڑنا ہماری صدیوں پر محیط روایات اقدار اور تہذیبی ورثے کے ساتھ ناانصافی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محبّ اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ فیشن اور ثقافت کے نام پر حیا وعفت کی پامالی اور قابلِ اعتراض حرکات کو فروغ دینا کسی صورت قابلِ قبول نہیں (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ٹھیکیداروں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کررہی ہے، عبدالغفار مندوخیل

کوئٹہ (این این آئی) آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو اور جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی نے کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

سوراب تبلیغی اجتماع: شرکاء کو سفر میں خصوصی احتیاط کی اپیل

خستہ سڑکوں اور سرد موسم کے پیشِ نظر حفاظتی ہدایات

سوراب (سراج ریکی) سوراب میں 27 ستمبر سے شروع ہونے والے تبلیغی اجتماع میں شرکت کے لیے کوئٹہ مستونگ، منگچر، قلات، نوشکی چاغی اور پشتون بیلٹ سے آنے والے قافلوں اور مسافروں سے دورانِ سفر خصوصی احتیاط برتنے کی اپیل کی گئی ہے، اطلاعات کے مطابق سوراب کی جانب آنے والے بعض راستوں پر سڑکوں کی خستہ حالی، گہرے نشیب و فراز، ٹوٹی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

پی ایم اے بلوچستان کا 30 ستمبر کی ملک گیر ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان

ایف بی آر اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکسز مسترد

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن بلوچستان نے ایف بی آر کی جانب سے ڈاکٹروں اور نجی طبی اداروں پر نافذ کیے گئے نئے ٹیکس نظام کے خلاف پی ایم اے مرکز کی 30 ستمبر کو ملک گیر ہڑتال اور طبی مراکز کی بندش کی کال کی بھرپور اور مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ پی ایم اے بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور پوری کابینہ اس فیصلے کے ساتھ کھڑی ہے۔ ترجمان پی ایم اے بلوچستان نے اپنے بیان میں کہا کہ صحت ایک بنیادی عوامی خدمت (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

گنداواہ' منشیات کا آزادانہ استعمال نوجوان نسل بے راہ روی کا شکار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہیں

گنداواہ (این این آئی) ضلعی ہیڈ کوارٹر شہر گنداواہ سمیت پورے ضلع میں منشیات کے آزادانہ استعمال سے نوجوان نسل منفی سرگرمیوں میں مبتلا ہوچکی ہے کیونکہ شہر میں آئس اور نشہ آور دیگر اشیاء بلا روک ٹوک آسانی سے دستیاب ہیں

کوئٹہ، نیو پہناوٗ بوتیک اینڈ سلون کے زیر اہتمام دولہن میک اپ کے مقابلوں کے موقع پر نیو پہناوٗ کی سربراہ زارا خان، ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائزہ سکندر اور دیگر خواتین سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہی ہیں

ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد کا گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا تفصیلی دورہ

طلبہ کو ایک سازگار، مؤثر اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے' محمد جمن پہنور

فیض آباد (رپورٹ یونس رحیم نوتکانی) ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد جمن پہنور کا گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا تفصیلی تدریسی و انتظامی دورہ کیا۔ دورے کا بنیادی مقصد اسکول میں جاری درس وتدریس کے عمل، اساتذہ وطلبہ کی حاضری، تعلیمی ماحول اور کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ ریڈنگ و رائٹنگ میٹریل، فرنیچر، یونیفارم اور دیگر (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اوستہ محمد محمد جمن پہنور کا گورنمنٹ مڈل سکول بھاگیہ خان بلیدی کا دورہ کر رہے ہیں

زیارت کچھ کے صنوبر جنگلات میں آگ نے ہزاروں نایاب اور قیمتی درختوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں ضلع زیارت کے علاقے فیلہ میں صنوبر کے قیمتی، نایاب اور تاریخی جنگلات میں گزشتہ چار روز سے لگی آگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

اہلِ سنت والجماعت ضلع سوراب کے زیرِ اہتمام دفاعِ حرمین شریفین کے عنوان سے عظیم الشان ریلی

مذہبی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

سوراب (سراج ریکی) اہلِ سنت والجماعت ضلع سوراب کے زیرِ اہتمام 25 ستمبر بروز جمعۃ المبارک، صبح 11 بجے دفاعِ حرمین شریفین کے عنوان سے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں مذہبی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ریلی میں ضلع چاغی کے جنرل سیکرٹری حضرت مولانا عبداللہ صدیقی صاحب نے بطورِ مہمانِ خصوصی شرکت کی اور شرکاء سے خصوصی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے حرمین شریفین کی (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نادر غلزئی اور ان کے خاندان کے 5 بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیئے

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار نادر غلزئی اور ان کے خاندان کے 5 بلاک شناختی کارڈ ایک ماہ میں کھلوا دیئے گئے۔ درخواست گزار احمد خان نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے ان کا اور (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

جی او سی گوادر کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گواتری کا دورہ

نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) کور کمانڈر کوئٹہ کی ہدایت پر جی او سی گوادر نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گواتری گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے طلبہ اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست کی۔ اس موقع پر طلبہ نے ٹیبلوز، ملی نغمے اور تقریری مقابلوں میں بھرپور حصہ لیتے ہوئے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، اعتماد اور بہترین اندازِ اظہار کا مظاہرہ کیا۔ جی او سی گوادر نے اسکول (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

کچھی' نامعلوم مسلح ڈاکو ہندو تاجر سے لاکھوں روپے نقدی لوٹ کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی بھاگ ناڑی جلال خان میں مسلح ڈاکوؤں نے ہندو تاجر سے لاکھوں روپے نقدی لوٹ لی مسلح ڈاکوؤں کی مین بازار میں فائرنگ بھگدڑ مچھ گئی پولیس کے مطابق کچھی پولیس تھانہ صدر (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

سول ہسپتال لورالائی میں چیف منسٹر ہیلتھ انیشیٹو پروگرام کے دفتر کا افتتاح

بلڈ پریشر اور شوگر ایسی بیماریاں ہیں جن کی بروقت تشخیص اور مسلسل طبی نگرانی نہایت ضروری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) سول ہسپتال لورالائی میں عوام کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات کی فراہمی، بلڈ پریشر اور شوگر جیسی عام بیماریوں کی بروقت تشخیص اور علاج کیلئے چیف منسٹر ہیلتھ انیشیٹو پروگرام کے تحت دفتر کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا۔ افتتاح صوبائی وزیر و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت اور شفاف تکمیل کیلئے ضلعی انتظامیہ متعلقہ اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے، ممتاز علی کھیتران

بولان (این این آئی) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت ضلع کچھی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں اور عوامی مسائل کے حل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کچھی میر ممتاز علی کھیتران کی سربراہی میں ڈی سی ہاؤس کچھی میں دوسری بار کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیرآباد کی نئی منتخب کابینہ کا اعلان

نئی کابینہ میں علی نواز کو انفارمیشن سیکریٹری، بابو عبدالنبی کو فنانس سیکریٹری مقرر کیا گیا

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن حقیقی نصیرآباد کی نئی منتخب کابینہ کا اعلان کردیا گیا، جس میں شاہ زیب سولنگی کو سرپرستِ اعلیٰ، حاجی عبدالقدیر قریشی کو صدر، حاجی علی مردان پلال کو چیئرمین جبکہ محمد مراد عمرانی کو جنرل سیکریٹری منتخب کیا گیا۔ نئی کابینہ میں علی نواز کو انفارمیشن سیکریٹری، بابو عبدالنبی کو فنانس سیکریٹری مقرر کیا گیا، جبکہ ایگزیکٹو ممبران میں رئیس چھٹہ خان، شمیر بمبان اور محسن خان لونی شامل ہیں۔ امن کمیٹی کے سید (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

عدالتوں کے فیصلے اپنی قانونی حیثیت رکھتے ہیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے نقیب اللہ محسود قتل کیس میں باقی سات پولیس اہلکاروں کی بریت پر شدید افسوس اور سخت مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نقیب اللہ محسود کے بہیمانہ قتل کے آٹھ سال بعد بھی ان کے خاندان کو انصاف نہ ملنا ملک کے عدالتی، تفتیشی اور ریاستی احتساب کے نظام کیلئے ایک انتہائی سنجیدہ سوال ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ نقیب اللہ محسود کو جنوری 2018ء (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کیخلاف کارروائیوں میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، بابر یوسفزئی

شعبان، زیارت، نوشکی اور مند میں کارروائیوں کے دوران 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ بڑی کامیابی ہے

دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز پوری بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں' معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) معاون برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں، شعبان، زیارت، نوشکی اور مند میں کارروائیوں کے دوران 71 سے زائد دہشت گردوں کا خاتمہ بڑی کامیابی ہے، سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں میں کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، بلوچستان کے امن (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا' عوام پاکستان پارٹی

ملکی استحکام، سیاسی و معاشی بہتری کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ پروفیسر حلیم صادق

کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سید امان شاہ اور صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش سیاسی و معاشی مسائل کا حل محاذ آرائی کے بجائے افہام وتفہیم، مذاکرات اور باہمی مشاورت میں ہے۔ سیاسی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے مرحوم عبداللہ جان کاسی کے صاحبزادے ملک میرویس خان کاسی کی وفات پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ مرحوم میرویس، شہید ایمل خان کاسی کے بھائی اور ملک فرید کاسی کے چچا تھے (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میڈیا فورم میڈیا پرسنز کی نمائندہ تنظیم بن چکا ہے۔ مرکزی نائب صدور

فورم کے 10 نکاتی مطالبات کو بلوچستان بھر کے میڈیا پرسنز کی بھرپور حمایت حاصل ہے، فوری عملدرآمد کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے اپنے اپنے علاقوں سے نمائندگی کرنے والے مرکزی نائب صدور صداقت بلوچ (گوادر)، ندیم بابر مغل (سبی)، رمضان بھٹو (بھاگ)، شیخ فرید (کوئٹہ)، میر صفدر کھوسہ (نصیر آباد) اور سلطان کرد (مچھ بولان) نے بلوچستان میڈیا فورم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی پذیرائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ

بمقام مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچ

چاغی (نامہ نگار) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ بمقام مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچ مرحوم ملک ماسٹر عبدالرشید سمالانی کلب اور بازار کلب دالبندین کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کی مگر ایک دلچسپ مقابلے میں مرحوم ماسٹر ملک عبدالرشید سمالانی کلب نے بازار کلب کو جیت لیا دلچسپ میچ کے مہمان خاص ممتاز سماجی و (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں ایک شاندار اور دلچسپ میچا

چاغی (نامہ نگار) پہلا آل چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ بمقام مرحوم صفدر جان سنجرانی شوٹنگ بال گراؤنڈ دالبندین کے سلسلے میں ایک (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

گوادر' میر فدا حکیم رند کے زیر اہتمام عظیم الشان جلسہ

امن وامان کی بہتری کے لیے ریاستی اداروں اور عوام کے درمیان تعاون مزید مضبوط ہونا چاہیے' فدا حکیم رند

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) مکران ڈویژن کے معروف سیاسی وسماجی رہنما میر فدا حکیم رند کے زیر اہتمام مند بلوچ آباد رند ہاؤس میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا، جس میں علاقے کے عمائدین، معتبرین، نوجوانوں اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے میر فدا حکیم رند نے علاقے میں دہشت (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

شکارپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نئی کابینہ کی حلف برداری کی تقریب

تقریب میں ملک کی نامور تجارتی شخصیات اور سیاسی و سماجی حلقوں نے بھرپور شرکت کی

شکارپور (رپورٹ شاہد گولہ) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ضلع شکارپور کے نو منتخب صدر اور عہدیداران کی حلف برداری کی پروقار تقریب مقامی کندن ریسٹورنٹ شکارپور میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں ملک کی نامور تجارتی شخصیات اور سیاسی و سماجی حلقوں (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

گدر سمیت مضافاتی علاقوں میں تیز گرد وغبار کا راج، معمولاتِ زندگی متاثر

معمولاتِ زندگی شدید متاثر ہو رہے ہیں، فضا میں گرد وغبار کی شدت کے باعث حدِ نگاہ کم ہوگئی

سوراب (سراج ریکی) گدر اور ملحقہ مضافاتی علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ گرد وغبار نے ڈیرے ڈال لیے، جس کے باعث معمولاتِ زندگی شدید متاثر ہو رہے ہیں، فضا میں گرد وغبار کی شدت کے باعث حدِ نگاہ کم ہوگئی، جبکہ سڑکوں پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہونے لگی ہے، تیز ہواؤں اور گرد آلود فضا کے باعث شہریوں، بالخصوص موٹر سائیکل سواروں اور پیدل (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

پنجگور' نامعلوم افراد نے فائرنگ اور خنجروں سے وار کر کے ایک شخص کو زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ اور خنجروں سے وار کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو پنجگور کے علاقے عیسیٰ سورگ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ اور خنجروں کے وار کر کے ایک شخص مراد ولد صالی کو زخمی کر دیا

کراچی تا کوئٹہ قومی شاہراہ غیر محفوظ ہے' مولانا عبدالقادر لونی

نئے صوبوں کا قیام موجودہ حالات میں ایک غیر آئینی، غیر انتظامی اور قوم پر جبر کا فیصلہ ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر حضرت مولانا عبدالقادر لونی نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی جاری بحث پر جماعت کا واضح، دوٹوک اور حتمی پالیسی مؤقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے دنیا بھر میں بنتے رہتے ہیں تمام ممالک میں نئے انتظامی یونٹ بنے ہیں، یہ کوئی انہونی بات نہیں لیکن ہر فیصلے کا ایک وقت، ایک ماحول (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد' علامہ عبدالرحیم شاہ جیلانی کے اعزاز میں خصوصی ٹی پارٹی

دربار عالیہ غوثیہ قادریہ کے گدی نشین، پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت علامہ حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ کی آمد ہوئی

جعفرآباد (نامہ نگار مقصود احمد مہر) وڈیرہ عبدالکریم ببر کی رہائش گاہ، گوٹھ عبدالکریم میں دربار عالیہ غوثیہ قادریہ کے گدی نشین، پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت علامہ حافظ عبدالرحیم شاہ جیلانی دامت برکاتہم العالیہ کی آمد ہوئی۔ اس موقع پر وڈیرہ عبدالکریم ببر کی (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد' علامہ عبدالرحیم شاہ جیلانی کے اعزاز میں خصوصی ٹی پارٹی کے موقع پر دعا کی جارہی ہے

محمد پناہ سومرو کی روح کو ایصالِ ثواب کیلئے عبدالفتاح سومرو کی جانب سے نعت خوانی کی روح پرور محفل

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) شہر کی معزز شخصیت مرحوم محمد پناہ سومرو کی روح کو ایصالِ ثواب پہنچانے کے لیے ان کے فرزند ایڈووکیٹ عبدالفتاح سومرو اور دیگر صاحبزادوں کی جانب سے ان کی رہائش گاہ پر نعت خوانی کی روح پرور محفل کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر شہریوں کی (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی میں عالمی یومِ فارماسسٹ کی تقریب

عالمی یومِ فارماسسٹ کا موضوع "صحت مند مستقبل کے لیے فارماسسٹ کو بااختیار بنانا" تھا

سوئی (نامہ نگار) پبلک ویلفیئر ہسپتال سوئی، زیرِ انتظام انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک، میں عالمی یومِ فارماسسٹ کے موقع پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس سال عالمی یوم فارماسسٹ کا موضوع "صحت مند مستقبل کے لیے فارماسسٹ کو بااختیار بنانا" تھا۔ تقریب کے (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

مظلوم عوامی تحریک پاکستان مظلوم اور محکوم عوام کی جماعت ہے' صادق اچکزئی

عوام کے بنیادی حقوق، عزت، وقار اور حقیقی نمائندگی کیلئے سیاسی و جمہوری جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) مظلوم عوامی تحریک پاکستان ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام کاسی قبائل کے ایک بڑے شمولیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما ارباب شہباز کاسی نے کی۔ شمولیتی تقریب میں ارباب شہباز کاسی، ارباب ندیم کاسی، ارباب ظاہر کاسی سمیت کاسی قبائل اور دیگر قبائلی و سیاسی شخصیات اور سینکڑوں عمائدین نے مظلوم عوامی تحریک پاکستان میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے سربراہ حاجی صادق خان اچکزئی نے کہا کہ قبائلی و سیاسی عمائدین کی بڑی تعداد میں مظلوم عوامی تحریک میں شمولیت اس بات (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل 21 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو